اکسیراتِ طبِ جدید

مؤلفہ و مرتبہ

ممتاز الاطبا حکیم سید محمود صاحب گیلانی مدظلہ

پبلشر

مینجر رسالہ طبِ جدید

اندرون دہلی گیٹ لاہور

تعداد ۱۰۰۰ دیوان پرنٹنگ پریس لاہور۔ فون [illegible] قیمت عہ

۷۸۶

هُوَالشّافی

دیباچہ

قارئین رسالہ "طب جدید" کو یاد ہوگا کہ مئی ۱۹۳۹ء میں "طب جدید" کا خاص نمبر "معالجاتِ طبِ جدید" کے نام سے اشاعت پذیر ہوا تھا جو خاکسار راقم کا تجربہ کاریوں کا نتیجہ تھا۔ والہان و فریفتگان طب جدید نے تو اس اشاعتِ خاص کا بڑے تپاک اور جوش سے خیر مقدم کیا۔ لیکن جو اصحاب ہماری اس طبی برادری میں شامل نہیں تھے وہ اس کے مطالعہ سے اس لئے برافروختہ ہوئے کہ اس میں وہ نسخے اور مجربات نہیں لکھے گئے جن کا ذکر دورانِ علاج میں کیا گیا ہے۔ ان اصحاب نے اس پر بس نہ کی بلکہ طب جدید اور انجمن خادم الحکمت جیسی ٹھوس طبی باڈی کو "اشتہار باز" کا خطاب بھی دے دیا۔ اور طرح طرح کے اتہام و الزام سے نوازا۔ حالانکہ وہ تمام نسخے اور مجربات و مرکبات کتاب "طبی الیقین" "طبی رہنما" اور مکشوفات طب جدید میں من وعن درج ہیں۔

اس افتراء و اعتراض کا مفصل جواب اگرچہ میں رسالہ "طب جدید" بابت ماہ جولائی ۱۹۳۹ء میں تحریر کر چکا ہوں۔ لیکن اس "نہ کھے پھیکے" جواب سے مجربات کے کلیات و نسخوں کے شیدا اصحاب کی تسلی ہو سکتی تھی۔ سو میں نے ان کی تشفی اور اطمینان کے لئے یہی سوچا کہ خاص الخاص نسخوں اور معمول و مفید مجربات کو جمع کر کے ایک خاص نمبر شائع کر دیا جائے۔ چنانچہ اس کا اعلان بھی کر دیا گیا۔ لیکن جب اس اشاعت کی ترتیب و تدوین کے لئے بسم اللہ پڑھنے لگا۔ کہ "مجربات" کا نام

تو اس قدر بدنام ہو چکا ہے۔ کہ آج کل بہت کم لوگ اس پر اعتبار کرتے ہیں بس اچانک میرے دل میں یہ سربستہ راز منکشف ہو گیا کہ حضرت بانی انجمن و مُوجد طب جدید رحمۃ اللہ علیہ کے جو مجربات یکجا جمع کر دیئے جائیں جو ہنوز غیر مدوّن و غیر مرتب ہیں، اور مختلف رسائل وغیرہ میں منتشر و متفرق ہیں۔ پس میں نے اللہ کا نام لے کر یہ کام شروع کر دیا۔ اور آج ایک عرصہ کی چھان بین کے بعد موعودہ خاص نمبر نذر ناظرین ہے فالحمد للہ علیٰ ذالک!

اس کتاب کو میں نے تین حصوں میں تقسیم کیا ہے:-

حصہ اوّل میں حضرت استاذ الاطباء مرحوم و مغفور کے وہ خاص الخاص مجربات جمع کئے گئے ہیں جو آپ کے مخترعہ و مجوزہ ہیں۔ آپ دیکھیں گے کہ مرحوم کے نسخے کس شان اور انداز کے ہوا کرتے تھے۔ آپ اکثر اوقات مفرد دواہی کو ترجیح دیتے تھے لیکن جب کبھی مرکب کرتے تھے تو اس کی ترکیب میں دو چار اجزاء شامل ہوتے تھے۔ آپ کے کسی نسخے میں نایاب اور بیش قیمت اجزاء نہیں پائے جاتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ غریب سے غریب لوگ بھی ان سے کما حقہٗ استفادہ کر سکتے ہیں۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

حصہ دوم میں حضرت مغفور کے وہ مجربات درج ہیں جو طب قدیم سے متعلق ہیں جب آپ نے ابھی طبی ارتعین امر طبی رہنمائی ادویات کی ترکیب و ترتیب نہیں شروع کی تھی۔ آپ اکثر انہی قدیم نسخوں کو برتا کرتے تھے۔ اگرچہ اس قسم کے اور بھی بہت سے مرکبات آپ سے منقول و مروی ہیں مگر بخوفِ طوالت یہاں ان کا انتخاب درج کر دیا گیا ہے۔ اگر زندگی نے موافقت اور زمانے نے مساعدت کی تو حصہ دوم میں ان کو بھی شائع کر دیا جائیگا۔ انشاء اللہ الحکیم۔

حصہ سوم میں طب قدیم کے وہ مرکبات مندرج ہیں جن کو راقم الحروف کے والد بزرگوار جناب شمس الحکماء حکیم ڈاکٹر مولانا سید محمد مسعود شاہ صاحب گیلانی مرحوم

نے جدید رنگ میں ترتیب دیا تھا۔ ان نسخوں میں یہ خصوصیت ہے کہ اطریفل، جوارش، معجون اور خمیرہ وغیرہ کو اقراص، حبوب کی شکل میں پیش کیا گیا ہے جس سے ان کی مقدار خوراک بھی بہت قلیل ہو گئی ہے۔ اور کھانے میں بھی آسانی۔ امید کہ اہل نظر قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔

میرا ارادہ تھا کہ اس کتاب میں اپنے والد ماجد اور خاندان کے دوسرے بزرگوں اور اپنے مجربات و معمولات بھی درج کر دوں لیکن بعض وجوہ کی بنا پر خصوصاً موجودہ کساد بازاری اور کاغذ کی غیر معمولی گرانی کی وجہ سے رک گیا ہوں۔ انشاء اللہ العزیز اس کتاب کا دوسرا حصہ اپنے خاندانی مجربات کے لئے مختص کر دیا جائیگا۔ جو انشاء اللہ بہترین نسخوں کا حامل و سرمایہ دار ہوگا۔ وباللہ التوفیق ہو الرفیق۔ والسلام۔

خادم علم و فن

حکیم سید محمود گیلانی

حکیم علی ضیاء

حکیم علی ضیاء

یہ کتاب اور دوسری نایاب طبی کتب اور کتب علم کیمیا، لیمیاء، ھیمیاء، سیمیاء۔ کشتہ سازی و علوم روحانی عملیات و تسخیر۔ رمل جفر۔ رمل نجوم۔ احجار۔ ھمزاد۔ طلسمات وغیرہ کی فوٹو کاپیاں کثیر تعداد میں ہمارے پاس موجود رہتی ہیں۔ آپ ایک خط لکھ کر منگوا لیں یا براہ راست خود تشریف لا کر ملاحظہ فرمائیں

هُوَالشَّافِی

اکسیرات طبِّ جدید

حصّہ اول

مجربات اُستاذ الاطباءؑ

(۱) دوائے محلّل

اجزاؤ ترکیب :- اسفنج کو جلا کر باریک پیس لیں ۔ مقدار خوراک ایک ایک ماشہ صبح شام تازہ پانی سے یا کسی مناسب عرق شربت سے کھلا دیا کریں ۔
مواقع استعمال :- اندرونی اعضاء کے اورام کو تحلیل کرنے کے لئے نہایت مفید ہے ۔ غدد قدامیہ یا دیگر غدد کی سوزش ۔ درد ۔ جلن وغیرہ کو دُور کرتی ہے ۔

(۲) حب ذہبی

اجزاء و ترکیب :- بسبابہ ۲ تولہ ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ ۔ ورق طلا ایک ماشہ ۔ سم الفار

ایک من ۔ سب کو خوب سحق کر کے شہد خالص میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں تیار کریں
مقدار خوراک :- ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھایا کریں
مواقع استعمال :- ضعف باہ و ضعف اعصاب کے لئے تحفہ لاثانی دوا ہے ۔
اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے اور معدہ کو قوی کرتی ہے ۔ عام جسمانی کمزوری کو
بھی مفید ہے ۔

(۳) حب مرد

اجزاء و ترکیب :- مُر مکی ۔ منقی ۔ رزق ہر ایک ۲ تولہ ۔ دونوں کو تھوڑا تھوڑا شہد ملا کر کوٹیں ۔ جب قوام جیولی پر آ جائے ۔ تو دو دو رتی کی گولیاں بنا لیں ۔
مقدار خوراک :- ایک ایک گولی دن میں دو تین بار نیم گرم پانی یا کسی مناسب عرق شربت سے کھلا دیا کریں ۔
مواقع استعمال :- ہر قسم کے اندرونی آماس کو تحلیل کرتی ہے ۔ بواسیری ورم میں بھی استعمال کی جا سکتی ہے ۔

(۴) ضماد محلّل نمبر ۱

اجزاء و ترکیب :- برگ عنب الثعلب ۔ مغز خیار شنبر ہموزن لے کر پانی میں گھوٹ کر ضماد تیار کریں ۔
ترکیب استعمال :- ذرا گرم کر کے مقام ماؤف پر لگائیں ۔
مواقع استعمال :- محلّل اورام ہے ۔

(۵) ضماد محلّل نمبر ۲

اجزاء و ترکیب :- صبر زرد ۲ ماشہ ۔ تخم کتان ۱ تولہ پانی میں گھوٹ کر رکھیں ۔

ترکیب استعمال :۔ نیم گرم ضماد کریں۔
مواقع استعمال :۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے!

(۶) حب فولاد مشکی

اجزاء و ترکیب :۔ کشتہ فولاد۔ کچلہ مدبر۔ آملیس ہر ایک ایک تولہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ سب کو مثل غبار کر کے شہد میں ملا کر حبوب نخودی تیار کر لیں۔
مقدار خوراک :۔ دو گولیاں صبح دو گولیاں شام کو ہمراہ ۔۔۔ کے استعمال کریں۔
مواقع استعمال :۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ دوا ہے۔ اعصاب اور عضلات۔ دل و دماغ۔ معدہ و جگر غرض تمام بدن کو خوب طاقت دیتی ہے۔

(۷) معجون مقوی و ممسک

اجزاء و ترکیب :۔ جوز بوا۔ دارچینی۔ عقرقرحا۔ سونٹھ۔ برگ بھنگ ہر ایک برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں معجون بنائیں۔
مقدار خوراک :۔ ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہمراہ شیر
مواقع استعمال :۔ نہایت اعلیٰ مقوی باہ و مقوی بدن ہے۔ قدرتی امساک پیدا کرتی ہے۔ عام کمزوری کو زائل کرتی ہے۔

(۸) مفرح کاسنی

اجزاء و ترکیب :۔ ایکسٹریکٹ آف ٹریکسے صافی ایک تولہ۔ افسنتین ایک تولہ۔ بیخ کبر ۲ تولہ۔ زنجبیل۔ دارچینی ہر ایک ۶ ماشہ سب کو سرمہ کی طرح باریک کر لیں۔
مقدار خوراک :۔ ایک ایک ماشہ دن میں دو تین دفعہ بدرقہ مناسب سے کھائیں۔

مواقع استعمال :۔ جگر اور معدہ کے عام امراض میں مستعمل ہے۔
نوٹ :۔ یہ نسخہ جناب حکیم مولوی غلام رسول صاحب قادری ساکن کانو والی ضلع گجرات پنجاب سے منقول ہے۔ حضرت مرحوم نے یہ نسخہ حکیم صاحب کو "محلول کاسنی" کے بدلے میں عطا فرمایا تھا۔ (گیلانی)

(۹) لولوی

اجزاء و ترکیب :۔ دانہ الائچی سپید۔ کشتہ عقیق۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ نیم برشت چالیس عدد۔ روغن گاؤ آدھ سیر مغید لیسی (؟) حنفی داند کی کھنڈ ایک سیر۔
پہلے اول الذکر چاروں دواؤں کو مثل غبار کر لیں۔ پھر دوسری تین دواؤں کو ملا کر

نوٹ :۔ یہ نسخہ لکھنے کے بعد حکیم غلام رسول صاحب کا خط موصول ہوا جس میں انہوں نے لکھا ہے۔ کہ حضرت استاذ الاطباء صاحب مرحوم نے محلول کاسنی کی بجائے اسی قسم کا ایک اور نسخہ بھی تجویز فرمایا تھا جو ذیل میں درج ہے :۔
سفوف کاسنی :۔ بیخ کبر ۲ تولہ۔ ایکسٹریکٹ ٹریکسے سائی۔ افسنتین ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ دارچینی ایک ماشہ۔ کچلہ مدبر۔ مائیں ۲ رتی سب کو خوب باریک مثل غبار کر لیں اگر گولیاں بنانی چاہیں تو بھی بنا سکتے ہیں۔ خوراک ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔ فوائد مثل مفرح کاسنی و محلول کاسنی کے۔ حکیم غلام رسول صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت مرحوم نے "محلول لفاح" کی بجائے ایک سفوف کا نسخہ مرحمت فرمایا تھا جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے :۔
اکسیر لفاح :۔ سفوف لفاح تیار کردہ بطریق کشوفات ایک تولہ سفوف مشتی ایک تولہ جب سیکرن ۲ تولہ تج سائیڈ ۴ تولہ سب کو خوب باریک کر لیں خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک۔ محلول لفاح کے سے فوائد رکھتی ہے یہ دونوں نسخے حضرت استاذ الاطباء صاحب نے حکیم غلام رسول صاحب کو ایک خط میں لکھ کر ارسال فرمائے تھے جو انکے پاس موجود ہے جو صاحب چاہیں حکیم صاحب موصوف سے دریافت فرما سکتے ہیں پتہ یہ ہے :۔ حکیم غلام رسول صاحب قادری۔ مالک دواخانہ مقبول عام کانو والی ڈاکخانہ منڈی بہاؤالدین ضلع گجرات (پنجاب) امید کہ شیدایان طب جدید ان مفید نسخوں کو بھی مطب کی زینت بنائیں۔
(محمود گیلانی)

خوب یکجان کریں۔ بعد ازاں دونوں مرکبات کو آپس میں خوب مخلوط کر کے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک :- تین تین تولہ صبح و شام۔ یا ۵ تولہ بوقت صبح قبل از طعام ویسے ہی یا دودھ کے ساتھ کھا لیا کریں۔
مواقع استعمال :- نہایت نفیس مفرح و مقوی اعضاء رئیسہ و بہی دوا و غذائی ہے کمزور دماغ کو دنوں میں مضبوط کرتی ہے۔ نسیان کو اس طرح رفو کرتی ہے۔ کہ بچپن کی بھولی ہوئی باتیں یاد آجاتی ہیں۔ اعصاب اور عضلات میں برقی رو پیدا کرتی ہے۔ عجیب ایجاد ہے۔ دوا کی دوا ہے اور غذا کی غذا! صبح ناشتہ کیجئے اور مسرور ہو جئے۔

۱۰۔ مسکن الم

اجزاء و ترکیب :- برگ دھتورہ تازہ حسب ضرورت لے کر روغن خشخاس سے چپڑ لیں۔
ترکیب استعمال :- ذرا سینک کر مقام درد پر باندھ دیں۔
مواقع استعمال :- دردوں کو دور کرنے کے لئے آسان ٹوٹکہ ہے۔

۱۱۔ مسکن بخار

اجزاء و ترکیب :- گل نیلوفر کا عرق کھینچ لیں!
مقدار خوراک :- ۱۰ تولہ عرق کو ۲ تولہ شربت سکنجبین سادہ سے شیریں کر کے ایسی ایک ایک خوراک دن میں چار یا پانچ بار پلا سکتے ہیں
مواقع استعمال :- بخار کی تیزی۔ بے چینی۔ حرارت شدید اور اجتماع خون کو کم کرنے کے لئے نہایت مفید ارزاں ترین سادہ اور سہل دوا ہے۔
نوٹ :- سفوف مفرح کے ساتھ اس کا استعمال سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔

۱۲۔ نقوع مسکن

اجزاء و ترکیب :- آلو بخارا ۵ دانہ۔ تمر ہندی ۱ تولہ۔ گل نیلوفر ایک تولہ۔ سب کو صاف کورے مٹی کے کوزے میں آدھ سیر پانی ڈال کر بھگو دیں۔ چھ گھنٹے کے بعد قابل استعمال ہوگا۔
مقدار خوراک :- اس کا زلال ۵ تولہ سے ۱۰ تولہ تک لے کر ایک دو تولہ شربت سکنجبین یا شربت انار ملا کر دن میں متعدد بار پلاتے رہیں۔ جب پیاس لگے اسکے دو چار گھونٹ پلا دیں
مواقع استعمال :- بخاروں میں تسکین حرارت کے لئے اس کا استعمال اکسیر اعظم ہے۔ ذرا اس سادہ دوا کو استعمال تو کیجئے۔ آپ اچھے حضرت ستاذالاطباء کی سادہ اور اکسیری ایجادوں کے قائل ہو جائینگے *

۱۳۔ اکسیر تپ مرکب

اجزاء و ترکیب :- کشتہ ابرک سفید یا سفید / کشتہ ہڑتال ورقی ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ سم الفار ۳ ماشہ سب کو خوب ملا لیں۔
مقدار خوراک :- نصف رتی سے ایک رتی تک ماء اللحم یا مفرح یاقوتی میں ملا کر کھائیں۔ دق میں مکھن کے ہمراہ دیں۔
مواقع استعمال :- تمام قسم کے مرکب بخاروں کے لئے عجیب الاثر ہے اور دق کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔ نوٹ: ہر قسم کے کشتہ جات کے نسخوں اور ترکیب ساخت کیلئے دیکھیں کشتونات طبع ۲

۱۴۔ اکسیر سحج الامعاء

اجزاء و ترکیب :- چار تخم ایک تولہ۔ عرق بادیان ۱۰ تولہ میں بھگو دیں جب

پھول جائیں تو ۳ تولہ شربت صندل اس میں ملا دیں۔
مقدار خوراک :۔ ایسی تین خوراک روزانہ استعمال کرائیں۔
مواقع استعمال :۔ آنتوں کی خراش اور جلن اور پیچش وغیرہ کے لئے نہایت مفید چیز ہے۔ اکثر قسم کے دست بھی اس سے رک جاتے ہیں۔

۱۵۔ سفوف دندی

اجزاء وترکیب :۔ مغز جمالگوٹہ ایک ماشہ۔ دانہ کھانڈ ۹ ماشہ دونوں کو خوب کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔ نمبر ا تیار ہے۔
اس میں سے ایک ماشہ لے کر ۹ ماشہ کھانڈ ملا کر خوب سحق کریں۔ کہ میدہ کی طرح باریک ہو جائے۔ یہ سفوف دندی نمبر ۲ ہے۔
اب نمبر ۲ سے ایک ماشہ دوا لے کر ۹ ماشہ کھانڈ کے ساتھ سحق بلیغ کریں اور اس پر سفوف دندی نمبر ۳ لکھ دیں۔
پھر نمبر ۳ سے ایک ماشہ لے کر ۹ ماشہ دانہ کھانڈ ملا کر کھرل کریں۔ اور شیشی میں ڈال کر اس پر سفوف دندی نمبر ۴ تحریر کر دیں۔ یہی نمبر عام طور سے زیر استعمال ہے۔
مقدار خوراک :۔ چار رتی دن میں تین چار خوراک تک کھلا سکتے ہیں۔ صرف تازہ پانی سے کھلا دیا کریں۔
مواقع استعمال :۔ دستوں کو روکنے کے لئے عجیب وغریب دوا ہے خصوصاً جب درد اور مروڑ سے دست آتے ہوں۔ معدہ اور امعاء میں سوزش اور جلن پائی جائے۔ ابکائیاں آتی ہوں۔ یا متلی کی شکایت بھی ساتھ ہو۔ تو ایسی حالت میں اس کا استعمال اکسیر سے بڑھ کر فائدہ دیگا۔

۱۶۔ سفوف خارش

اجزاء وترکیب :۔ گندھک آملہ سار ۳ ماشہ۔ سیماب مصفی ۳ ماشہ دونوں کی کجلی بنا لیں۔ بابچی۔ کمیلہ۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ طوطیا سبز ایک ماشہ۔ نوشادر۔ مرداسنگ ۳۔۳ ماشہ۔ سب کو مثل غبار کر لیں۔ اور ایک حصہ یہ دوا ۱۵ حصہ مسکہ صد آب شستہ میں خوب ملا لیں۔
ترکیب استعمال :۔ دن میں دو دفعہ مقام ماؤف پر اچھی طرح مل دیا کریں۔
مواقع استعمال :۔ خارش خشک اور تر کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ اندرونی طور پر پینے کے لئے حضرت مرحوم دوا الشحال (عرق) دو خوراک روزانہ دیا کرتے تھے رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۔ اکسیر خارش

اجزاء وترکیب :۔ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ۔ پھٹکری سفید۔ بورک ایسڈ ہر ایک ۳ ماشہ تینوں کو سرمہ کی طرح باریک کر کے اس میں دس تولہ سو بار دھویا ہوا مکھن ملا لیں
ترکیب استعمال :۔ دن میں تین دفعہ بدن کے حصہ خارش پر خوب مالش کیا کریں۔
مواقع استعمال :۔ ہر قسم کی خارش کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

۱۸۔ دوائے طاعون

اجزاء وترکیب :۔ عاقر قرحا ۲ تولہ۔ اسفنج سوختہ ایک تولہ۔ بیش مدبر ۳ ماشہ۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۶ ماشہ۔ گیرو ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ۔ جدوار خطائی ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ اصل۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر ہر ایک ۲ ماشہ۔ درونج عقربی ۴ ماشہ سب کو مثل غبار کر لیں۔

مقدار خوراک :۔ مریض طاعون کو چار چار رتی یہ دوا ہر چار گھنٹے بعد عرق بید مشک عرق کیوڑہ ۔عرق گاؤزبان ہر ایک ۳ تولہ ۔شربت صندل و عناب ہر ایک ۱۰ تولہ سے کھلاتے رہیں ۔ جب آرام ہونے لگے تو دوا کے وقفوں کو لمبا کر دیں ۔ اگر قبض ہو تو یہی دوا بقدر ۴ رتی گلقند ۲ تولہ خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ میں ملا کر شربت دینار ۳ تولہ عرق گلاب و عرق بادیان ہر ایک ۵ تولہ سے کھلا دیں ۔

مواقع استعمال :۔ طاعون کے لئے اکسیری دوا ہے ۔ خارجی طور پر ٹنکچر آیوڈین یا محلل اعظم گلٹی پر لگایا کریں ۔

۱۹۔ حب مسکّن

اجزاء و ترکیب :۔ تخم دھاتورہ ۔ اجوائن خراسانی ۔ صمغ عربی ۔ کتیرا گوند ہر ایک ۲ ماشہ کافور ۳ ماشہ ۔ افیون ایک ماشہ ۔ قرنفل ۔ جدوار ۔ برگ گاؤزبان بریان ہر ایک ۴ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر لعاب بہیدانہ میں چنے برابر گولیاں بنالیں ۔

مقدار خوراک :۔ ایک ایک گولی دن میں تین دفعہ یا دو گولیاں صبح دو گولیاں شام کو عرق گاؤزبان و بید مشک یا تازہ پانی سے کھلایا کریں ۔

مواقع استعمال :۔ اعضاء کے فعل کی تیزی کو کم کرنے کے لئے مستعمل ہیں ۔ دَورانِ خون کو گھٹاتی ہیں ۔ خاص کر غشائے مخاطی پر اپنا مسکن اثر کر کے وہاں سے اجتماعِ خون کو روک دیتی ہیں ۔ اس لئے نزلہ و زکام کی ابتدائی حالت میں اکسیر ہیں ۔ کچھ ممسک بھی ہیں پیچش اور اسہال کے لئے نفع بخش چیز ہے ۔

۲۰۔ محلول کاربولی

اجزاء و ترکیب :۔ ایسڈ کاربالک ایک قطرہ ۔ عرق الائچی ۱۰ تولہ ۔ دونوں کو ملا لیں ۔

[illegible] شربت انجبار ۴ تولہ حل کر لیں ۔

مقدار خوراک :۔ اس میں سے نصف صبح اور نصف شام کو قبل از طعام [illegible]

مواقع استعمال :۔ ورم معدہ مزمن اور سرطان معدہ کے لئے نہایت عجیب [illegible] [illegible] آسان کم خرچ اور بالانشین " دوا ہے ۔ حضرت مرحوم نے اپنے تجربے میں بتایا ہے کہ جب ایسے امراض میں سفوف سمی وغیرہ سے فائدہ نہیں ہوتا تو یہ محلول اکسیری اثر دکھاتا ہے ۔

۲۱۔ دوائے مسکّن

اجزاء و ترکیب :۔ ویرونال (یہ ایک انگریزی پیٹنٹ دوا ہے) ۲ ڈرام شکر [illegible] [illegible] ۔ دونوں کو خوب کھرل کر لیں ۔

مقدار خوراک :۔ ایک ایک ماشہ دن میں دو یا تین دفعہ تازہ پانی یا عرق گاؤزبان سے کھلایا کریں ۔

مواقع استعمال :۔ مد ہر بیرودم " سے فوائد رکھتی ہے مسکن اعصاب اور خواب آور ہے ۔ مگر زیادہ مضعف قلب نہیں ہے ۔

نوٹ :۔ دن میں تین چار خوراک سے زیادہ نہ کھلائیں ۔ یہ حضرت استاد [illegible] کی خاص ہدایت ہے ۔

۲۲۔ محلول رادرع

اجزاء و ترکیب :۔ ٹنکچر [illegible] ۲ ملیل [illegible] پانی [illegible]

مقدار خوراک :۔ ایسی ایک ایک خوراک میں چار سے چھ دفعہ [illegible] [illegible] ۔

اور [illegible] ماؤف پر بھی ٹنکچر مذکور خالص لگانے [illegible] ۔

مواقع استعمال :۔ زچہ کی ٹانگوں کے ورم [illegible]

آنادحمی لفا سیہ ۔ درد و کرب وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ علاوہ ازیں جہاں بھی اجتماع خون ہو رہا ہو۔ تو یہ دوا وریدوں میں سے خون کو کم کرکے آگے واپس لٹا دیتی ہے

۲۳۔ دوائے بخار و اسہال

اجزاء و ترکیب :۔ کشتہ مرقشیشا ۲ تولہ۔ کھانڈ ۲ تولہ۔ سفوف [illegible] ایک تولہ سب کو باریک کرلیں۔

مقدار خوراک :۔ ۲ رتی سے ایک ماشہ تک بدرقہ مناسب کے ساتھ دن میں تین چار دفعہ دے سکتے ہیں۔

مواقع استعمال :۔ ایسے بخار [illegible] تیز ہو [illegible] یا پیچش کی شکایت بھی پائی جاتی ہو۔ یا پیشاب کم آتا ہو۔ تو یہ دوا ایک جامع الفوائد چیز ہے

۲۴۔ حب قابض

اجزاء و ترکیب :۔ سہاگہ بریان۔ نانخواہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۱۰ ماشہ۔ قرنفل ۲ عدد۔ بیل کی گری چھ عدد۔ دانہ الائچی کلاں کا پوست چھ عدد۔ سب کو آب لیموں کاغذی میں گھوٹ کر چنے برابر گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ دو دو گولیاں دن میں تین چار دفعہ کسی مناسب عرق شربت سے کھلا دیا کریں۔

مواقع استعمال :۔ اسہال و پیچش میں جب دیگر ادویہ قابضہ و حابسہ سے نفخ و حبس کا احتمال ہوتا ہے۔ وہاں یہ گولیاں بہت ہی مفید رہتی ہیں۔

۲۵۔ حب قنب

اجزاء و ترکیب :۔ برگ بھنگ ۲ تولہ۔ اجوائن دیسی ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۱۰ ماشہ پانی میں گھوٹ کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ دو دو گولیاں دن میں چار دفعہ تازہ پانی یا عرق بادیان ۲ تولہ شربت انجبار ۲ تولہ سے پلائیں۔

مواقع استعمال :۔ اسہال اور پیچش کو بغیر قبض و حبس کے رفع کرتی ہیں۔ درد معدہ۔ نفخ۔ قراقر اور کمی اشتہا میں بھی مفید ہیں۔

۲۶۔ مطبوخ راحت

اجزاء و ترکیب :۔ چائے سبز ڈیڑھ ماشہ۔ قرنفل کوفتہ ۷ عدد۔ دارچینی کوفتہ نصف ماشہ۔ سب کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پاؤ سیر پانی رہ جائے تو چھان کر رکھ لیں

مقدار خوراک :۔ ایک ایک تولہ کے وزن سے نصف نصف گھنٹہ کے وقفہ سے دیتے جائیں۔ نوٹ :۔ اگر شیریں کرنا ہو تو شربت انار سکنجبین یا مصری سے میٹھا کریں

مواقع استعمال :۔ قے۔ لرزہ۔ اسہال اور ضعف قلب کے لئے بہت مفید چیز ہے

۲۷۔ نقوع ملین

اجزاء و ترکیب :۔ تمر ہندی ۳ تولہ۔ آلو بخارا ۵ دانہ۔ سنا مکی ۵ ماشہ۔ ترنجبین مصفی ۵ تولہ۔ سب کو آدھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح اس کا زلال لے کر برف سے سرد کرلیں۔

مقدار خوراک :۔ اس میں سے تھوڑا تھوڑا دن میں متعدد بار پلاتے رہیں۔

مواقع استعمال :- جب حمیات میں قبض ہو۔ اگر کوئی چیز اندر نہ ٹھیرتی ہو۔ پیاس اور گبراہٹ کی شدت ہو تو یہ نقوع حیرت انگیز فوائد دکھاتا ہے۔

۲۸۔ دوائے لرزہ

اجزاء و ترکیب :- پھٹکری کو بریاں کرکے سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک :- ۲ رتی سے ۴ رتی تک یہ سفوف نوبت بخار سے پہلے پانی سے کھا دیں۔ اور زنجبیل ایک حصہ باریک کرکے ۹ حصے روغن سرشف میں ملا کر مریض کے اطراف۔ پیٹھ۔ کمر وغیرہ پر خوب مل دیں۔
مواقع استعمال :- لرزہ بخار کے لئے لاجواب سادہ تدبیر ہے۔

۲۹۔ دوا دافع غفلت

اجزاء و ترکیب :- سرد پانی پاؤ سیر۔ شراب ۳ تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ کافور ایک ماشہ۔ سب کو حل کرلیں۔
ترکیب استعمال :- اس میں موٹے کپڑے کی گدی تر کرکے مریض کے سر پر رکھنے رہیں
مواقع استعمال :- بے ہوشی اور غفلت کو رفع کرنے کی دوا ہے۔ چند منٹوں میں مریض ہوش میں آجاتا ہے۔

۳۰۔ محلول برومی

اجزاء و ترکیب :- پوٹاسیم برومائیڈ ۱۵ گرین۔ ٹنکچر آف بیلاڈونا ۱۰ بوند۔ پانی یا عرق گاؤزبان ایک اونس۔ سب کو حل کرلیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔
مقدار خوراک :- ایسی ایک ایک خوراک دن میں ایک سے تین دفعہ تک پلائیں۔

مواقع استعمال :- بخاروں میں تسکین پیدا کرتی ہے۔ دردوں کو دور کرتی ہے بیہوشی و غفلت کو زائل کرنے میں بھی نہایت مجرب ہے۔
نوٹ :- دن میں تین خوراک سے زیادہ نہ دیں۔

۳۱۔ ہوش آور

اجزاء و ترکیب :- تخم سرس۔ فلفل دراز۔ کالی مرچ۔ بیج لہسن۔ نمک سیندھا۔ تخم سرس۔ بجیرہ۔ سیجہ کرمول ہر ایک مساوی الوزن لے کر خوب باریک مثل سرمہ کریں۔
ترکیب استعمال :- سلائی سے مریض کی آنکھوں میں لگائیں۔
مواقع استعمال :- انشاء اللہ فوراً ہوش میں آجائیگا۔

۳۲۔ ضماد صداع

اجزاء و ترکیب :- کشنیز۔ کافور۔ صندل سپید۔ برابر وزن لے کر سرکہ و گلاب میں کھرل کرکے ضماد بنالیں۔
ترکیب استعمال :- حسب ضرورت سر اور پیشانی پر ضماد کریں۔
مواقع استعمال :- درد سر میں مفید ہے۔

۳۳۔ نشوق درد سر

اجزاء و ترکیب :- ہرن کا سینگ اور کھریا مٹی صاف پانی میں گھس لیں۔
ترکیب استعمال :- یہ پانی چند قطرے ناک میں سڑکیں۔
مواقع استعمال :- درد سر کو دور کرے گا۔

۳۴۔ دافع قے وبخار

اجزاء وترکیب:۔ گلیے خشک ۶ ماشہ۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں ڈال کر ہلکی آگ پر رکھیں۔ جب تین چھٹانک پانی رہ جائے تو چھان کر اس میں ۲ تولہ شہد حل کر لیں۔ ضرورت ہو تو برف سے بھی حل کر سکتے ہیں۔

مقدار خوراک:۔ یہ ساری دوا تھوڑی تھوڑی کر کے صبح سے شام تک مریض کو پلا دیں۔

مواقع استعمال:۔ بخاروں میں جب بار بار قے ہوتی ہو۔ تو اس کو روکنے کے لئے بہت مفید ہے۔ اس سے بھی بخار ٹوٹ جاتا ہے۔

۳۵۔ مسکن عطش

اجزاء وترکیب:۔ پوٹاسیم کلوریٹ۔ سٹریٹ الیٹڈ۔ ہر ایک ایک ڈرام۔ صاف اور سرد پانی ۱۰ چھٹانک۔ دونوں کو حل کر لیں۔ اگر اسے شیریں کرنا ہو تو تھوڑی سی مصری بھی ملائیں۔

مقدار خوراک:۔ اس دوا کو جس قدر مریض خوشی سے پینا چاہے بیشک پلائیں ختم ہو جائے تو اور بنا لیں۔

مواقع استعمال:۔ تیز بخاروں میں جب پیاس بار بار ستاتی ہو اور پانی پی پی کر طبیعت سیر نہ ہوتی ہو۔ تو پانی یا کسی عرق وغیرہ کی [illegible] بجائے یہ دوا پلائیں پیاس [illegible] جائے گی۔ بخار ہلکا ہو جائے گا۔ اور طبیعت میں سکون پیدا ہوگا۔

۳۶۔ طبیخ رازیانہ

اجزاء وترکیب:۔ بادیان ۲ تولہ۔ پوست الائچی خورد ۶ ماشہ۔ دونوں کو ۲ سیر

پانی میں پکائیں۔ جب ۲ سیر رہ جائے تو چھان لیں۔ اور سرد کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک:۔ یہ پانی تھوڑا تھوڑا دیں۔ یا کسی شربت مثلاً شربت نیلوفر انار۔ سکنجبین۔ لیموں وغیرہ سے شیریں کر کے دن میں کئی بار پلاتے رہیں۔

مواقع استعمال:۔ تیز بخاروں میں شدت پیاس کو رفع کرتا ہے۔ مفرح ہے اور ہاضم بھی ہے۔ اسے برف سے بھی سرد کیا جا سکتا ہے۔

۳۷۔ دیگر

اجزاء وترکیب:۔ بادیان۔ کشنیز ہر ایک ایک تولہ۔ عقرقرحا ۲ ماشہ۔ الائچی خورد ۵ عدد۔ منقہ ۷ دانہ۔ عناب ۵ دانہ۔ بطریق بالا مطبوخ تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ حسب ترکیب مذکور۔

مواقع استعمال:۔ دافع قے و مسکن عطش۔

۳۸۔ موتھا وانکھ

اجزاء وترکیب:۔ دھنیاں۔ ناگرموتھ۔ پت پاپڑا۔ ہموزن تینوں کو ذرا جو کوب کر کے ساٹھ گنا پانی میں ڈال کر پکائیں۔ جب دو تین جوش آجائیں تو چھان کر سرد کر لیں۔

مقدار خوراک:۔ سارا دن گھونٹ گھونٹ پلاتے رہیں۔ برف سے سرد اور مصری سے شیریں بھی کر سکتے ہیں۔

مواقع استعمال:۔ قے کو روکنے کے لئے عجیب الاثر ہے۔

۳۹۔ دوائے تشنج

اجزاء وترکیب:۔ سپرٹ آف کلورافارم ۱۰ منم۔ کیمفر واٹر ایک اونس۔ دونوں کو حل کر [illegible]

مقدار خوراک :۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح شام پلائیں۔
مواقع استعمال :۔ تشنج کے لئے نہایت مفید ہے۔
نوٹ :۔ خالص کلوروفارم ایک ڈرام رومال پر چھڑک کر اس کے بخارات مریض کو سنگھائیں اور اندرونی طور پر مندرجہ بالا دوا پلائیں۔ انشاءاللہ بہت جلد تشنج دور ہوگا۔

۴۰۔ حب لفاح

اجزاء و ترکیب :۔ اکسٹریکٹ بیلاڈونا ۱/۴ گرین۔ افیون ۱/۲ گرین۔ دونوں کی ایک گولی بنالیں۔
مقدار خوراک :۔ ایسی ایک گولی دن میں دو سے چار بار تک نیم گرم پانی سے دی جا سکتی ہے۔
مواقع استعمال :۔ درد گردہ اور قولنج کے لئے بہت مفید ہے۔

۴۱۔ محلول مسکن

اجزاء و ترکیب :۔ ٹنکچر بیلاڈونا۔ ٹنکچر اوپیم ہر ایک ۱۰ منم۔ ٹنکچر ہائیوسائمس ۱۵ منم۔ سپرٹ کلوروفارم ۱۵ منم۔ پوٹاسی نائٹراس ۶ گرین۔ صاف پانی ایک اونس سب کو حل کرلیں۔
مقدار خوراک :۔ ایسی ایک خوراک دن میں دو یا تین دفعہ پلائیں۔ عورتوں کو ذرا کم مقدار میں دیں۔
مواقع استعمال :۔ درد قولنج۔ درد گردہ۔ درد مثانہ اور پتھری کی شدید تکالیف کو کم کرنے کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

۴۲۔ دوائے تحدد

اجزاء و ترکیب :۔ پانی خالص ۱۵ تولہ میں پوٹاسیم برومائیڈ ۴ ماشہ حل کرلیں۔ اس کی چھ خوراک بنالیں۔
مقدار خوراک :۔ ایک ایک خوراک دن میں تین دفعہ پلایا کریں۔
مواقع استعمال :۔ تشنج اور غشی میں مفید ہے۔ تنفس کشا بھی ہے۔

۴۳۔ دوائے محلل

اجزاء و ترکیب :۔ آب برگ مکوہ۔ روغن گل ہر ایک ۲ تولہ۔ سرکہ تیز ایک تولہ۔ تینوں کو خوب ملالیں۔
ترکیب استعمال :۔ اس میں موٹا کپڑا تر کرکے مقام ماؤف پر بار بار رکھتے رہیں کپڑا سوکھنے نہ پائے۔
مواقع استعمال :۔ ہر قسم کے حاد اور شدید ورموں کے لئے بالخصوص ورم کبد حاد کے لئے عجیب الاثر ہے۔ اکثر تپ بھی اس سے رفع ہو جاتا ہے۔

۴۴۔ ضماد محلل نمبر ۳

اجزاء و ترکیب :۔ غنچہ گل سرخ۔ صندل سرخ۔ گل ارمنی۔ آرد جو۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو عنب الثعلب بقدر حاجت میں پیس کر ۲ تولہ روغن گل اور ایک تولہ سرکہ خالص ملا کر رکھ لیں۔
ترکیب استعمال :۔ حسب ضرورت مقام ماؤف پر ضماد کریں۔
مواقع استعمال :۔ ہلکے ورموں میں یا جن ورموں کو تین چار دن گزر چکے ہوں۔ ان کیلئے بہت مفید ہے۔

۴۵۔ ضماد محلل نمبر ۴

اجزاء و ترکیب:۔ مغز خیار شنبر۔ گل بابونہ۔ افسنتین رومی۔ برگ مکوہ۔ گل خطمی ہر ایک ہموزن۔ آرد جو جملہ ادویہ کے برابر۔ روغن گل یا روغن کدو سب کی سولھواں حصہ۔ سب کو پانی بقدر ضرورت میں ملا کر کوئلوں پر رکھیں۔ جب پک جائے اور لئی کی طرح ہو جائے تو اتار لیں۔

ترکیب استعمال:۔ مقام ورم پر نیم گرم لیپ کریں۔ اور دن میں دو تین دفعہ تجدید عمل کرتے رہیں۔

مواقع استعمال:۔ جب ورم مکمل ہو چکا ہو۔ تو اس وقت اس دواء کے استعمال کا وقت ہے۔ خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

۴۶۔ اکسیر ورم الکبد

اجزاء و ترکیب:۔ نوشادر۔ قلمی شورہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ریوند خطائی ایک تولہ سب کو باریک سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک:۔ دو دو رتی یہ دوا دن میں تین دفعہ ذیل کے مطبوخ سے کھلا دیا کریں۔

نسخہ مطبوخ:۔ بیخ کاسنی ا تولہ۔ تخم کشوث دلبصرہ لبستہ بادیان ہر ایک ۴ ماشہ۔ پانی ایک سیر سب کو ملا کر پکائیں۔ جب تین پاؤ پانی رہ جائے تو اسے چھان کر تین خوراک کریں۔ اور ہر خوراک کو شربت بزوری ۳ تولہ یا شربت دینار ۳ تولہ سے شیریں کر کے دوائی کے ہمراہ پلا دیا کریں۔

مواقع استعمال:۔ ورم الکبد (جگر کے اماس) کی خاص دوا ہے۔ علاوہ ازیں جگر کی کمزوری۔ جگر کے بڑھنے۔ قبض عامہ۔ تیزی بخار۔ ضعف معدہ کمی اشتہاء وغیرہ

میں بھی مفید ہے۔

نوٹ:۔ ورم جگر کی حالت میں اندرونی دواء کے ساتھ کوئی بیرونی ضماد بھی لگانا چاہیئے

۴۷۔ مطبوخ کاسنی

اجزاء و ترکیب:۔ بیخ کاسنی ایک تولہ۔ قشر اترج ایک تولہ۔ خبطیانہ ۶ ماشہ۔ بالچھڑ۔ الائچی خورد۔ ہر ایک تین ماشہ۔ پانی تین پاؤ۔ سب کو ملا کر ہلکی آگ پر پکائیں جب نصف رہ جائے۔ تو چھان کر اس کی تین خوراک بنا لیں۔

مقدار خوراک:۔ ایک ایک خوراک دن میں تین دفعہ ویسے ہی یا کسی مناسب شربت (مثلاً شربت دینار) سے شیریں کر کے پلائیں۔

مواقع استعمال:۔ جگر کی کمزوری۔ صلابت، ورم، عظم، درد معدہ۔ کمزوری معدہ، قے، تشنج، آشوب وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔ مفرح و مقوی قلب بھی ہے

۴۸۔ اکسیر جگر

اجزاء و ترکیب:۔ سبز کاسنی کا پھاڑا ہوا صاف پانی ۵ تولہ۔ عرق مکوہ ۵ تولہ شربت دینار یا سکنجبین بزوری ۲ تولہ سب کو حل کر لیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

مقدار خوراک:۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح شام پلایا کریں۔

مواقع استعمال:۔ ورم و عظم و ضعف جگر کے لئے یہ معمولی سی دوا معجز نما ثابت ہوتی ہے۔ ضرور تجربہ کیجئے۔

۴۹۔ تریاق طحال

اجزاء و ترکیب:۔ درخت طرفا جسے پنجابی میں پھر دال کہتے ہیں، اکی شاخیں مع

برگ وغیرہ جلا کر نمک نکال لیں اور باریک پیس کر نمی سے بچا کر رکھیں۔

مقدار خوراک:۔ دو دو رتی صبح شام تازہ پانی یا کسی مناسب عرق شربت سے کھلا دیا کریں۔ اگر ذیل کے مطبوخ سے کھلائیں تو زیادہ مفید ہے صفت:۔ پوست بیخ کاسنی ۶ ماشہ۔ تخم کشوث۔ افیون ہر ایک ۴ ماشہ۔ سنبل الطیب ایک ماشہ سب کو تین پاؤ پانی میں جوش کر کے چھان کر شربت سکنجبین یا شربت دینار سے شیریں کر کے نصف صبح نصف شام کو پلائیں۔

۵۰۔ اکسیر درد گوش

اجزاء و ترکیب:۔ کوکین ہائیڈرو کلورائیڈ۔ ایٹروپین سلفاس ہر ایک ۴ گرین آب مقطر نیم گرم ایک اونس سب کو بخوبی حل کر لیں۔

ترکیب استعمال:۔ تین چار قطرے کان میں ٹپکائیں۔

مواقع استعمال:۔ کان کے درد کے لئے عجیب الاثر اور برآسا ختہ دوا ہے۔ ورم کو بھی آرام دیتی ہے۔

۵۱۔ تریاق بلاذر

اجزاء و ترکیب:۔ سفوف مفرح۔ گیرو سرخ ہر ایک ایک تولہ۔ باریک پیس لیں۔ تریاق تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ تین تین ماشہ دن میں تین یا چار دفعہ تازہ پانی یا دودھ لسی وغیرہ سے کھلائیں۔ اور اسی دوا کو پانی میں ملا کر مقام متورم پر لگایا کریں۔

مواقع استعمال:۔ بھلانود کے کھانے سے یا اس کا تیل وغیرہ نکالنے سے یا دھواں اس کا بدن میں لگ جانے سے جو عوارضات ورم۔ سرخی۔ بےچینی۔ کرب

وغیرہ پیدا ہو جاتے ہیں وہ اسی دوا سے رفع ہو جاتے ہیں۔ حضرت استاذ الاطباء نے یہ بھی تحریر فرمایا ہے کہ ان علامات کے لئے سفوف بیشی نمبر ۳ اور سفوف زمستی نمبر۲ بھی فوراً فائدہ یا مجرب مفید ہیں۔

۵۲۔ تریاق افیون

اجزاء و ترکیب:۔ تخم کپاس ۳ تولہ آدھ سیر پانی میں سردائی کی طرح گھوٹ چھان لیں اور

مقدار خوراک:۔ بغیر نمک اور میٹھے کے اس کی تین خوراکیں کر کے ہلکے دن میں پلا دیں۔

مواقع استعمال:۔ افیون کا زہر اس سے دور ہو جاتا ہے۔

۵۳۔ دیگر

اجزاء و ترکیب:۔ ہینگ ناقص ایک ماشہ

مقدار خوراک:۔ پہلے کھلا کر اوپر سے تیز چائے کی پیالی پلا دیں۔ دن میں تین بار استعمال کر سکتے ہیں۔

مواقع استعمال:۔ افیون کا تریاق ہے۔ نیز اس دوا سے تشنج بھی فوراً دور ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں ٹنکچر بیلا ڈونا کا استعمال بھی افیون کے زہر کے لئے حضرت کا مجرب ہے۔

۵۴۔ تریاق بیش

اجزاء و ترکیب:۔ ٹنکچر ڈیجی ٹیلس ایک ڈرام۔ ایکوا تین اونس۔ دونوں کو حل کریں۔ اور اس کی تین خوراکیں بنا لیں۔

مقدار خوراک:۔ ایک ایک خوراک دو دو دن میں دو یا تین دفعہ پلائیں۔

مواقع استعمال:۔ بیش دمیٹھا (تیلیہ) کے زہر کا تریاق ہے۔

۵۵۔ محلول مسکن جدید

اجزاء و ترکیب :۔ پوٹاسیم برومائیڈ۔ کلورل ہائیڈریٹ ہر ایک ایک ماشہ
پانی مصفی ایک چھٹانک دونوں دواؤں کو پانی میں حل کر لیں۔
مقدار خوراک :۔ یہ ایک خوراک ہے ایسی ایک ایک خوراک صبح شام پلا دیا کریں
دوسری خوراک رات کو سوتے وقت اگر پلائی جائے تو زیادہ موزوں ہے۔
مواقع استعمال :۔ مالیخولیا۔ جنون۔ صرع۔ اختناق الرحم۔ اور ان امراض کے
اکثر عوارضات مثلاً بے خوابی۔ بے چینی۔ درد و کرب وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے
نوٹ :۔ دن رات میں دو خوراک سے زیادہ ہرگز نہ دیں۔

۵۶۔ شربت سبع

اجزاء و ترکیب :۔ سنا مکی۔ اسطوخودوس۔ بسفائج۔ برگ گاؤ زبان۔ بادرنجبویہ
سویہ مصطگی۔ افتیمون ہر ایک ۵ تولہ۔ سب دواؤں کو شب بھر اڑھائی سیر گرم پانی میں
بھگو دیں۔ صبح ہی آگ پر جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو مل چھان کر
اس میں ایک سیر مصری یا کھانڈ دانہ دار ملا کر قوام درست کر لیں۔
مقدار خوراک :۔ ۳ تولہ سے پانچ تولہ تک پاؤ بھر پانی یا کسی عرق مثلاً عرق بادیان
وغیرہ میں حل کر کے پلا دیا کریں۔ اس کے استعمال کے لئے صبح کا وقت زیادہ موزوں
ہے۔ ویسے جس وقت چاہیں پلا سکتے ہیں۔ اور بکری کے دودھ میں ملا کر بھی پلایا
جا سکتا ہے۔
مواقع استعمال :۔ صرع۔ اختناق الرحم۔ مالیخولیا۔ جنون۔ وحشت۔ کابوس۔
وہم و وسواس۔ مراق۔ صعود بخارات دماغی وغیرہ۔ اور قبض دائمی و عارضی کیلئے
نہایت مفید ہے۔ بدن کا تنقیہ کرتا ہے اور غلیظ و فاسد مواد کو باہر نکالتا ہے۔

۵۷۔ محلوب دہن السمک

اجزاء و ترکیب :۔ کاڈلور آئل (روغن جگر ماہی ولایتی) ایک ڈرام۔ روغن دارچینی
ایک قطرہ۔ کریازوٹ ایک قطرہ۔ صمغ عربی مسفوف ۳ ماشہ۔ شیرگاؤ جوشیدہ ۳
چھٹانک۔ سب کو خوب مخلوط کر لیں۔ اور اسے مصری یا کسی مناسب شربت سے
شیریں کر لیں۔ خوشبو کے لئے تھوڑا سا روح کیوڑہ یا روح گلاب بھی ملا سکتے ہیں۔
مقدار خوراک :۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح شام غذا کے فوراً بعد پلا دیا کریں۔
مواقع استعمال :۔ خنازیر کے لئے۔ دق و سل کے لئے اور عام جسمانی کمزوری
کے لئے نہایت مفید ہے۔ یہ نسخہ مرحوم نے اس وقت تجویز کیا تھا۔ جبکہ ابھی خمیرہ روغن ماہی
کا رواج عنقا تھا۔

۵۸۔ حب خنازیر

اجزاء و ترکیب :۔ فلفل سیاہ۔ اسطوخودوس ہر ایک ۵ تولہ۔ افتیمون ۳ تولہ۔
سب کو باریک پیس کر شہد خالص میں گوندھ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔
مقدار خوراک :۔ ایک ایک گولی صبح شام تازہ پانی سے کھلا دیا کریں۔ کم از کم دو
تین مہینے مسلسل استعمال کرائیں۔
مواقع استعمال :۔ خنازیر (کنٹھ مالا) پر مفید ہیں۔

۵۹۔ حب شفتالو

اجزاء و ترکیب :۔ مغز تخم شفتالو۔ مغز تخم نیم۔ مغز تخم بکائن۔ رسوت خالص مصفیٰ

ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ کر شہد کی مدد سے چنے برابر گولیاں بنائیں۔
مقدار خوراک:۔ دو گولیاں صبح۔ دو گولیاں شام کو تازہ پانی یا دودھ سے کھلایا کریں۔
مواقع استعمال:۔ بواسیر کے اکثر عوارضات مثلاً مسّوں کا پھولنا اور درد کرنا۔ خون بہنا۔ مقعد پر دباؤ پڑنا۔ قبض رہنا اسی دوا سے دور ہوجاتے یا کم ہوجاتے ہیں۔ نیز مصفی خون بھی ہے۔

۶۰۔ سفوف کبریت

اجزاء و ترکیب:۔ گندھک آملہ سار دو تولے۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ دونوں کو خوب باریک کرلیں۔
مقدار خوراک:۔ ایک ماشہ صبح اور ایک ماشہ رات کو سوتے وقت پاؤ بھر دودھ یا تازہ پانی سے کھلا دیا کریں۔
مواقع استعمال:۔ خونی اور بادی بواسیر کا زور توڑنے کے لئے مفید دوا ہے
نوٹ:۔ اگر اپریشن کرانے یعنی مسّے کٹوانے کے بعد اسے استعمال کیا جائے تو انشاءاللہ دوبارہ بواسیر نہ ہوگی۔

۶۱۔ حب ممغلظ

اجزاء و ترکیب:۔ تیج ۵ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ عاقر قرحا ایک تولہ سب کو باریک کرکے لعاب صمغ عربی یا شہد میں حب نخودی بنالیں۔
مقدار خوراک:۔ دو دو گولیاں صبح شام دودھ کے ساتھ کھلا دیا کریں۔
مواقع استعمال:۔ مقوی باہ و مغلظ منی ہیں۔ معدہ کو طاقت دیتی ہیں کسی قدر ممسک بھی ہیں۔ مسکنات کے بعد ان کا استعمال جریان اور احتلام کو بھی دور کرتا ہے۔

۶۲۔ اکسیر نقرس

اجزاء و ترکیب:۔ گندھک آملہ سار ۴ تولہ۔ سورنجاں تلخ ایک تولہ۔ سفوف [illegible] ۲ تولہ سب کو خوب کھرل کرکے سفوف بنائیں
مقدار خوراک:۔ ایک ایک ماشہ صبح شام تازہ پانی یا نیم گرم پانی سے کھلایا کریں۔
مواقع استعمال:۔ نقرس خواہ نیا ہو یا پرانا اور درد مفاصل کیلئے نہایت مفید ہے

۶۳۔ دوائے مقوی معدہ

اجزاء و ترکیب:۔ گل سرخ۔ شاہترہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ الائچی خورد کوفتہ دو ماشہ۔ افسنتین ایک ماشہ سب کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکائیں جب نصف رہے تو چھان کر مصری سے شیریں کرلیں۔
مقدار خوراک:۔ اس میں سے نصف صبح نصف شام کو پلادیں بعد غذا پلانا زیادہ مفید ہے
مواقع استعمال:۔ مقوی معدہ و جگر ہے۔ کچھ مفرح۔ اور کچھ مصفی خون بھی ہے۔

۶۴۔ شربت دینار

مجوزہ اُستاذ الاطباء

اجزاء و ترکیب:۔ تخم کاسنی۔ بیخ بادیان۔ تخم خربوزہ ہر ایک ۵ تولہ۔ بیخ کاسنی [illegible] تولہ۔ بادیان ۳ تولہ۔ تخم کرفس ایک تولہ۔ تخم کشوث [illegible] تولہ۔ [illegible] ۱ تولہ سب دواؤں کو رات بھر ۳ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل کر چھان لیں۔ اور اس میں مصری یا قند سفید ڈیڑھ سیر ڈال کر قوام کریں پھر سرد کرکے اس میں [illegible] ۳ تولہ [illegible] کرکے ملا دیں۔

مقدار خوراک :۔ ۲۔ تولہ سے ۴ تولہ تک ۔

مواقع استعمال :۔ جگر اور رحم کے اکثر امراض کے لئے نہایت مفید ہے اور دیگر نسخوں سے زیادہ مفید ہے۔

۶۵۔ نقوع سورنجان

اجزاء و ترکیب :۔ بیخ طرشقوق (جنگلی کاسنی کی جڑ) ایک تولہ۔ تخم کاسنی تخم اجمود بیخ کاسنی ہر ایک ۵ ماشہ۔ انیسون۔ تخم کشوث ہر ایک ۳ ماشہ۔ ریوند خطائی ۴ ماشہ۔ سورنجان تلخ ایک ماشہ۔ سب کو پاؤ بھر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح زلال لے کر شربت بزوری یا مصری یا شہد ۲۔ ۳ تولے سے شیریں کر لیں۔

مقدار خوراک :۔ یہ زلال صبح نہار منہ پی لیا کریں۔ اور ثقل (پھوک) میں پھر پانی ڈال دیں اور اسی طرح شام کو استعمال کریں۔ کم از کم (تین ہفتہ متواتر پئیں۔

مواقع استعمال :۔ معدہ۔ جگر اور طحال و رحم وغیرہ کی اکثر خرابیوں میں مفید ہے۔ نقرس۔ وجع المفاصل اور ایڑی کے درد کے لئے خاص طور پر مفید ہے (منقول از استاذ الاطباء)

۶۶۔ برقی نسوار

اجزاء و ترکیب :۔ خاکستر اوپلہ صحرائی کو آک کے دودھ میں خوب تر کر کے سایہ میں خشک کر لیں اور باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال :۔ رتی بھر نسوار ناک میں پھونک دیں دن میں دو بار سے زیادہ استعمال نہ کریں۔

مواقع استعمال :۔ اختناق الرحم۔ صرع۔ ام الصبیان وغیرہ کے سبب سے جو بیہوشی ہو جاتی ہے وہ اس سے فوراً رفع ہو جاتی ہے۔ علاوہ ازیں دردِ سر۔ تشنج۔ ہذیان۔ سرسام۔ زکام کہنہ وغیرہ میں بھی بہت مفید ہے۔

۶۷۔ کحل العشر

اجزاء و ترکیب :۔ صاف دھنکی ہوئی روئی کو شیر مدار میں اچھی طرح تر کریں۔ جب خشک ہو جائے تو اس کی بتی بنا کر (السی) تیل کے چراغ میں جلائیں۔ اور اس کا دود حاصل کریں۔ اگر اسے ہلکا کرنا ہو تو ہم وزن سرمہ سیاہ اس کے ساتھ ملا کر پیس لیا جائے۔

ترکیب استعمال :۔ سرمہ کی طرح سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

مواقع استعمال :۔ جرب الاجفان کہنہ۔ سبل۔ پرانے ککرے۔ جالا۔ پھولا۔ سلاق۔ خارش چشم وغیرہ کو اس سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

۶۸۔ ذرور عجیب

اجزاء و ترکیب :۔ پوست بیخ مدار ایک تولہ۔ رال ۳ تولہ۔ کتھ سفید ۴ تولہ سب کو مثل غبار کر لیں۔

ترکیب استعمال :۔ خراب شدہ پرانے اور متعفن زخموں کو تیل یا شراب سے تر کر کے یہ ذرور اس پر چھڑکا کریں۔

مواقع استعمال :۔ زخموں کو مندمل اور خشک کرتا ہے۔ ان کو بڑھنے۔ سڑنے اور متعفن ہونے سے روکتا ہے۔ نوٹ :۔ اگر اس نسخہ میں ۱۰ گرین آیوڈوفارم بھی ملائی جائے تو زیادہ مفید ہے اور پھر اس پر کبھی بھی نہیں بیٹھتی۔

۶۹۔ حب سعال

اجزاء و ترکیب :۔ زوفائے خشک ۲ تولہ۔ پیاز عنصل ۲ ماشہ۔ پوست بیخ مدار ایک تولہ سب کو باریک کر کے شہد میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنا رکھیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک ایک گولی دن میں دو تین بار پانی یا کسی مناسب شربت سے کھلائیں۔
مواقع استعمال :۔ بلغمی کھانسی خصوصاً جو پرانی ہو گئی ہو۔ اور دمہ و ضیق النفس کے لئے نہایت مفید ہے۔

۷۰۔ حب ہاضم

اجزاء و ترکیب :۔ از ہار عشر تازہ ایک تولہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ ہر ایک ۲ تولہ۔ نمک سانبھر ۳ تولہ۔ عرق بادیان یا پانی میں پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ دو گولیاں کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی یا عرق سونف اجوائن وغیرہ سے کھا لیا کریں۔
مواقع استعمال :۔ بدہضمی۔ ضعف معدہ۔ بھوک کی کمی۔ نفخ شکم۔ درد معدہ وغیرہ کے لئے اکسیر صفت دواء ہے۔

۷۱۔ حب اسہال

اجزاء و ترکیب :۔ قرنفل گلہدار ۲ تولہ۔ غنچہ مدار ایک تولہ۔ آہک آب نادیدہ ۳ ماشہ۔ پانی میں گھوٹ کر مسور کے دانے برابر گولیاں بنا لیں۔
مقدار خوراک :۔ ایک ایک گولی دن میں دو بار سے چار پانچ بار تک مناسب بدرقہ سے یا پانی سے کھلا دیا کریں۔
مواقع استعمال :۔ ہیضہ کے اسہال اور قے جو کسی دوا سے بند نہ ہوں۔ اس سے بفضلہ تعالیٰ بند ہو جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں ہر قسم کے اسہال اور قے کے لئے اچھی چیز ہے۔ نفخ و حبس بھی نہیں کرتی۔

۷۲۔ ضماد اکسیر

اجزاء و ترکیب :۔ اہل بقدر ضرورت لے کر سرکہ میں اس قدر گھوٹیں کہ لیپ تیار ہو جائے سنبھال رکھیں۔
ترکیب استعمال :۔ مقام ماؤف پر حسب ضرورت لگایا کریں۔ دن میں دو تین بار تکرار عمل کر سکتے ہیں۔
مواقع استعمال :۔ سر کے گنج۔ بالچر۔ جلد کی سیاہی۔ چھائیں۔ داغ و حبوب اور زخم کے نشانوں کو دور کرنے کے لئے نہایت مفید چیز ہے۔

۷۳۔ دوائے گوشت خورہ

اجزاء و ترکیب :۔ اہل بقدر ضرورت لے کر باریک کریں۔
ترکیب استعمال :۔ تھوڑا سا خوف شہد میں ملا کر مسوڑھوں پر ملا کریں
مواقع استعمال :۔ مسوڑھے کے زخم۔ گوشت خورے اور ورم و درد وغیرہ کو آرام دیتی ہے۔

۷۴۔ لعوق ادرک

اجزاء و ترکیب :۔ آب ادرک تازہ پاؤ سیر۔ کھانڈ دو تین پاؤ دونوں کو ملا کر نرم آگ پر رکھیں۔ جب غلیظ القوام ہو جائے تو سرد کر کے نکال رکھیں۔
مقدار خوراک :۔ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک۔ مواقع استعمال۔ نزلہ شدار کھانسی۔ ضعف معدہ۔ قلب اشتہا کثرت ریاح وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔ محرک باہ بھی ہے۔

Scanned by CamScanner

۷۵۔ ملذذ

اجزاء و ترکیب:۔ زنجبیل سائیدہ ایک حصّہ۔ شہد خالص ۳ حصّہ دونوں کو بخوبی مخلوط کر لیں۔
ترکیب استعمال:۔ مباشرت سے ۱۵ منٹ پہلے عضو پر لیپ کر لیا کریں
مواقع استعمال:۔ ملذذ طرفین اور مہیج باہ ہے۔

۷۶۔ لعوق زنجبیل

اجزاء و ترکیب:۔ زنجبیل سائیدہ ایک حصّہ۔ شہد خالص چار حصے دونوں کو ملا کر رکھ لیں۔ بس تیار ہے۔
مقدار خوراک:۔ [illegible] ماشہ سے ایک تولہ تک
مواقع استعمال:۔ لعوق ادرک کی مانند۔

۷۷۔ دوائے مقوّی

اجزاء و ترکیب:۔ اتیس عمدہ ۲ ماشہ نیم کوب کر کے ڈیڑھ پاؤ دودھ میں پوٹلی باندھ کر پکائیں۔ جب پاؤ سیر رہ جائے۔ تو پوٹلی نکال کر پھینک دیں اور دودھ کو شہد سے یا مصری سے شیریں کر کے رکھ لیں۔
مقدار خوراک:۔ ایسی ایک خوراک ہر صبح استعمال کریں۔
مواقع استعمال:۔ مقوی بدن و مقوئ خون ہے۔ تمام جسمانی کمزوری کو زائل کرتی ہے۔ مقوی معدہ بھی ہے۔

۷۸۔ دوائے عجیب

اجزاء و ترکیب:۔ تخم اوٹنگن ۲ تولہ۔ مصری کوزہ ۲ تولہ۔ دونوں کو خوب باریک کر لیں
مقدار خوراک:۔ چھ چھ ماشہ صبح شام قبل از طعام دودھ سے کھا لیا کریں۔
مواقع استعمال:۔ منی کو بڑھانے اور گاڑھا کرنے میں بے مثل ہے۔ مقوی باہ ہے۔ جریان احتلام اور سرعت کو دُور کرتی ہے۔

۷۹۔ سنون اثل

اجزاء و ترکیب:۔ مائیں حسب ضرورت لے کر خوب باریک کر لیں۔
ترکیب استعمال:۔ منجن کی طرح دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں۔
مواقع استعمال:۔ مسوڑھے سے خون بہنے۔ ورم ہو جانے یا منہ کی تعفن دانتوں کے میل وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

۸۰۔ رُبّ بانسہ

اجزاء و ترکیب:۔ بانسہ یا اڑوسہ کے تازہ اور صاف پتے جو نرم نرم ہوں ایک سیر لے کر پانی سے دھو لیں۔ اور انہیں کوٹ کر پانی نکال لیں۔ پھر چھان کر اس پانی کو آگ پر رکھیں۔ جب پھٹ کر سبزی علیحدہ اور پانی الگ ہو جائے۔ تو اسے دوبارہ چھانیں۔ سبزی کو الگ رکھیں۔ اور صاف پانی میں آدھ سیر کھانڈ یا مصری ملا کر قوام کر لیں۔ پھر وہ سبزی بھی اس میں خوب مخلوط کر لیں۔ جب ایک دو جوش آ جائیں تو سرد کر کے محفوظ کر لیں۔
مقدار خوراک:۔ ۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ویسے ہی یا کسی مناسب بدرقہ سے دیں

مواقع استعمال :- دمہ۔ ربو۔ بلغمی کھانسی۔ سل و دق کی کھانسی۔ ذات الریہ و ذات الجنب کی کھانسی۔ پرانی کھانسی۔ بلغمی کھانسی۔ کالی کھانسی میں بے حد نہایت مفید ہے۔

۸۱۔ شربت اڑوسہ

اجزاء و ترکیب :- برگ بانسہ۔ بیخ بانسہ ہر ایک آدھ پاؤ۔ دونوں کو اڑھائی سیر پانی میں ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب نصف رہ جائے تو چھان کر اس میں اڑھائی سیر مصری ڈال قوام درست کر لیں۔

نوٹ: اگر جڑ نہ ملے تو پتوں کا وزن دوگنا کر سکتے ہیں۔

مقدار خوراک :- ۲ تولہ سے ۳ تولہ تک دن میں دو بار پانی۔ دودھ۔ عرق مناسب میں ملا کر پلایا کریں۔

مواقع استعمال :- یہ شربت بانسہ کے خواص رکھتا ہے۔

۸۲۔ ضماد ریبال

اجزاء و ترکیب :- اجوائن دیسی حسب ضرورت پانی یا سرکہ میں گھوٹ لیں۔ ضماد تیار ہے۔

ترکیب استعمال :- حسب ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں۔

مواقع استعمال :- ہر قسم کے اندرونی و بیرونی درد اس کے لیپ سے دور ہو جاتے ہیں۔ تشنج بھی فوراً رفع ہو جاتا ہے۔ دن میں دو سے چار بار تک تجدید عمل کر سکتے ہیں۔ ایسی سادہ دوا پر قربان جائیے۔

۸۳۔ روغن نانخواہ نمبر۱

اجزاء و ترکیب :- ۵ سیر اجوائن کو نیم کوب کر کے تیس سیر پانی میں رات کو

بھگو دیں۔ صبح اس کا عرق نکال لیں۔ پھر اس میں ۲ سیر اجوائن اور ملا کر عرق کشید کریں۔ اور پھر اس عرق میں سوا سیر اجوائن ملا کر سہ بارہ عرق کھینچ لیں۔ کل پونے ۹ سیر اجوائن خرچ ہوگی۔ اب اس عرق کو کسی ایسے برتن میں بھر دیں جو نیچے سے چوڑا اور اوپر سے تنگ ہو۔ اور وہ تمام عرق سے لبالب بھر جائے۔ برتن اگر چینی یا شیشے کا ہو تو بہتر ہے ورنہ مٹی کا یا کسی دوسری دھات کا ہو تو بھی مضائقہ نہیں۔ الغرض اس برتن کو عرق سے لبالب بھر کر بارہ گھنٹے تک پڑا رہنے دیں۔ ۱۲ گھنٹے کے بعد اس پر تیل آنا شروع ہو جائیگا۔ جب تمام تیل برتن کے منہ پر جمع ہو جائے تو اسے صاف و نرم دھنکی ہوئی روئی سے یا مرغ کے صاف پر سے اٹھا اٹھا کر شیشی میں ڈالتے جائیں۔ اعلیٰ درجہ کا روغن تیار ہوگا۔ جو ولایتی روغن سے ہزار درجہ نفیس اور مفید ہوگا۔

مقدار خوراک :- ایک قطرہ سے تین قطرہ تک کھانڈ مصری۔ پتاشہ۔ پانی۔ شربت۔ شہد وغیرہ میں ڈال کر استعمال کر سکتے ہیں۔

مواقع استعمال :- بدہضمی۔ قراقر۔ نفخ معدہ۔ درد معدہ۔ کثرت ریاح۔ ہیضہ۔ اسہال۔ قلت اشتہاء۔ صعود بخارات غلیظ۔ ہچکی۔ کرم معدہ و امعاء۔ ہیضہ۔ قولنج۔ قے۔ متلی۔ ابکائی وغیرہ میں اندرونی طور پر کھلایا جاتا ہے۔ سر کے گنج۔ بالچر [illegible] تشنج اور بھڑ، بچھو کے کاٹنے پر اس کی بیرونی مالش کی جاتی ہے۔

۸۴۔ روغن نانخواہ نمبر۲

اجزاء و ترکیب :- روغن نانخواہ نمبر۱ ایک حصہ کو روغن کنجد ۵ حصے میں خوب حل کر لیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال :- بقدر ضرورت سرد یا گرم مالش کریں۔

مواقع استعمال:۔ چنبل۔ ثار فارسی۔ بخر الانف۔ کرم گوش۔ کرم بینی۔ قروحات متعفنہ وغیرہ میں طلاءً و نشوقاً مستعمل ہے۔ ہر قسم کے دردوں کو دور کرتا ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ میں احلیل میں اس کے چند قطرے ٹپکانا اور گردہ و مثانہ کے مقام پر اس کی مالش کرنا مفید ہے۔ اس میں روئی کا پھاہا تر کر کے رحم میں رکھنا اختناق الرحم۔ دردرحم اور احتباس طمث میں بہت مفید ہے۔ ذرا گرم کر کے کان میں ڈالنے سے درد، ورم۔ اور ثقل سماعت کو دور کرتا ہے۔

۸۵۔ روغن نانخواہ نمبر ۳

اجزاء و ترکیب:۔ اجوائن دیسی ۵ تولہ آدھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب نصف پانی رہ جائے۔ تو اس میں ۱۵ تولہ روغن کنجد ڈال کر پکائیں۔ جب سارا پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو چھان کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال و مواقع استعمال:۔ روغن نانخواہ نمبر ۲ کی طرح استعمال کریں۔

۸۶۔ روغن نانخواہ نمبر ۴

اجزاء و ترکیب:۔ اجوائن دیسی ۵ تولہ۔ روغن کنجد پاؤ سیر دونوں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب اجوائن جل کر سیاہ ہو جائے تو چھان لیں۔
ترکیب استعمال و مواقع استعمال:۔ روغن نانخواہ نمبر ۲و۳ کے سے فوائد رکھتا ہے

۸۷۔ مطبوخ نانخواہ

اجزاء و ترکیب:۔ اجوائن دیسی نیم کوفتہ ایک حصہ۔ پانی ۱۵ حصے دونوں کو ملا کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب تیسرا حصہ پانی جل کر دو حصے رہ جائے تو آگ سے اتار کر

[illegible] کپڑے کی صافی میں نچھا لیں۔
مقدار خوراک:۔ ۴ تولہ سے ۵ تولہ تک۔
مواقع استعمال:۔ قے، متلی۔ ابکائی۔ ہچکی۔ تشنج معدہ۔ درد معدہ۔ قراقر۔ نفخ۔ آروغ ترش۔ کمی اشتہا۔ بدہضمی۔ زیادتی ریاح۔ عسر البول۔ عسر الطمث۔ کرم معدہ وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔ بندش حیض۔ سیلان۔ درد حیض۔ درد رحم۔ تشنج رحم۔ اختناق الرحم۔ ورم گوش۔ درد گوش وغیرہ میں اس کی پچکاری بھی کی جاتی ہے۔ پتھری کی وجہ سے جب مثانہ یا گردہ میں درد ہو۔ تو اس مطبوخ کا نیم گرم حالت میں ان مقامات پر [illegible] کیا جاتا ہے۔ گندے اور متعفن زخموں کو اس سے دھلایا جا سکتا ہے۔ اور منہ کی بدبو میں اس کی کلیاں کرنا مفید ہے۔

۸۸۔ عرق اجوائن

اجزاء و ترکیب:۔ اجوائن دیسی پاؤ سیر۔ پانی ۵ سیر حسب دستور معروف عرق کشید کر لیں۔
مقدار خوراک:۔ [illegible] تولہ سے [illegible] تولہ تک
مواقع استعمال:۔ مثل مطبوخ نانخواہ

۸۹۔ رُب بنج

اجزاء و ترکیب:۔ اجوائن خراسانی کے تازہ پودے کو برگ و شاخ سمیت لے کر خوب کوٹیں اور زور سے نچوڑ کے اس کا پانی نکال لیں۔ اور چھان کر ہلکی آگ پر رکھ کر پکائیں۔ جب سبزی پھٹ کر الگ ہو جائے تو اسے چھان لیں اور سبزی کو کسی صاف برتن میں الگ رکھ دیں۔ پانی کو پکانا شروع کریں جب

غلیظ ہو جائے تو اسے چھان کر پانی کی بھاپ پر پکانا شروع کر دیں۔ پھر جب شہد یا شربت کی طرح گاڑھا ہونے لگے تو اس میں وہ سبزی بھی ملا دیں۔ جب پک کر جم جانے یا خشک ہو جانے کے قابل بن جائے تو اتار کر رکھ لیں۔ دو تین دن میں خشک ہو جائیگا۔

مقدار خوراک :۔ ایک رتی سے ۴ رتی تک دن میں دو سے تین بار تک کھا سکتے ہیں۔

مواقع استعمال :۔ تمام اندرونی و بیرونی سوزش امراض اور اورام۔ اوجاع وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔ مخدر و مسکن دوا ہے۔ تشنج۔ مروڑ۔ سنگ گردہ۔ دردِ گردہ۔ درد مثانہ۔ درد اعصاب و عضلات۔ درد مفاصل و اورام مفاصل۔ پیچش۔ قولنج۔ جنون۔ اختناق الرحم۔ مالیخولیا۔ بے خوابی۔ سرسام۔ کھانسی۔ نزلہ و زکام۔ دمہ۔ تمدد۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ ذکاوت حس۔ رعشہ وغیرہ میں نفع بخش ہے۔

۹۰۔ عصارہ بیکران

اجزاء و ترکیب :۔ حسب دستور بالا اجوائن خراسانی کے تازہ پودے کا رس نکال کر آگ پر رکھیں۔ جب سبزی علیحدہ ہو جائے تو اسے چھان لیں۔ اور پھر پکائیں۔ جب لیسدار مادہ پیدا ہو جائے تو اسے پھر چھان کر دوبارہ پکائیں اور یہ مادہ پھینک دیں۔ جب غلیظ القوام ہو جائے تو اس میں سبزی ملا کر ایک دو جوش آنے دیں پھر اس میں اس کے ہموزن شہد ملا کر قوام کر لیں۔ مگر قوام بھاپ پر کرنا چاہیے تاکہ اس کے جوہر نہ جل جائیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔

مواقع استعمال :۔ "رب بنج" کے مانند۔

۹۱۔ عرق بنج

اجزاء و ترکیب :۔ اجوائن خراسانی پاؤ سیر۔ پانی ۵ سیر۔ حسب معمول عرق کشید کر لیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک تولہ سے ۲ تولہ تک۔

مواقع استعمال :۔ مخدر و مسکن ہے مثل رب بنج و عصارہ بیکران۔

۹۲۔ معجون بیدانجیر

اجزاء و ترکیب :۔ مغز تخم بیدانجیر (ارنڈ) پاؤ سیر کو باریک کر کے ایک سیر شیرۂ تازہ میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ اور چمچے وغیرہ سے ہلاتے جائیں۔ جب کھویا بننے کے قریب آ جائے تو اس میں پاؤ سیر سفید پسی ہوئی کھانڈ ڈال دیں اور خوب مخلوط کر کے نیچے اتار لیں۔ اور سرد کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک عام قبض کشائی کے لئے۔ اور ۳۔ ۴ تولہ تک مسہل کے لئے نیم گرم دودھ سے کھلائیں۔

مواقع استعمال :۔ جن امراض میں روزانہ قبض کشائی کی ضرورت ہو ان میں اسے استعمال کر سکتے ہیں۔ نہایت بے ضرر خوش ذائقہ چیز ہے۔ دائمی اور عارضی قبض کو دور کرتی ہے۔ وجع مفاصل اور اکثر قسم کے دردوں میں مفید و مجرب ہے۔

۹۳۔ روغن بیدانجیر کافوری

اجزاء و ترکیب :۔ آٹھ تولہ روغن ارنڈی کو آگ پر گرم کریں۔ پھر اس میں ایک تولہ کافور اچھی طرح حل کریں۔ اور سرد کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال:- بواسیری مسوں پر دوزانہ تین چار دفعہ لگایا کریں درمیان میں نیم گرم تیل کی مالش کریں۔

مواقع استعمال:- مسوں کو متواتر استعمال کرنے سے مضمحل کر دیتا ہے۔ اور دردوں کو اس کی مالش تسکین دیتی ہے۔ بہت مفید شے ہے۔

۹۴۔ طبیخ خرغولہ

اجزاء و ترکیب:- اسپغول ۹ ماشہ کو نیم کوب کر کے ایک سیر پانی میں ملا کر پکائیں۔ جب تین پاؤ رہ جائے۔ تو چھان لیں۔

مقدار خوراک:- ۵ تولہ سے ۱۵ تولہ تک مصری سے یا کسی شربت سے شیریں کر کے دن میں تین چار بار پلائیں۔ یا جب پیاس لگے پلا دیں۔

مواقع استعمال: مسکن عطش ہے۔ سوزشی بخاروں میں اس کا استعمال بہت مفید ہے۔ اسہال پیچش۔ سحج امعاء۔ مروڑ۔ قروح معدہ۔ اندرونی اعضاء کی جلن۔ سوزش وغیرہ کو بہت جلد دور کرتا ہے عضو تناسل یا شرمگاہ کی سوزش اور جلن میں اس کی پچکاری بھی کی جاتی ہے۔

۹۵۔ ضماد اسپغول نمبر ۱

اجزاء و ترکیب:- اسپغول بقدر حاجت لے کر سرکہ میں اس قدر گھوٹیں کہ لیپ سا بن جائے۔

ترکیب استعمال:- بقدر ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں۔

مواقع استعمال:- ہر قسم کے تازہ اور حاد ورموں اور دردوں کیلئے بہت مفید ہے۔ بڑے بڑے قروحات و دماميل پر بھی اسکی لیپ کی جا سکتی ہے۔

۹۶۔ ضماد اسپغول نمبر ۲

اجزاء و ترکیب:- اسپغول کو خوب کوٹ کر باریک کر لیں۔ اور پانچ گنا پانی میں ڈال کر کونیوں کی آنچ پر پکائیں۔ جب لئی کی طرح ہو جائے۔ تو اس میں روغن زیتون یا کنجد یا گل روغن تھوڑا سا خوب ملا دیں۔

ترکیب استعمال:- حسب ضرورت سرد یا گرم استعمال کریں۔

مواقع استعمال:- ہر قسم کے ورموں سخت اور صلب پھوڑوں۔ دنبلوں اور کنٹھمالا پھنسیوں پر ضماد کیا جاتا ہے۔ جس سے ورم تحلیل اور خود جات دھیمے نرم ہو جاتے ہیں۔ اور سوزش درد میں بھی افاقہ ہو جاتا ہے۔

۹۷۔ ضماد اسپغول نمبر ۳

اجزاء و ترکیب:- اسپغول سائیدہ ۵ تولہ کو کنار سائیدہ ایک تولہ (یا انجیر پیہ ۴ ماشہ) سب کو پاؤ سیر پانی میں ملا کر پکائیں۔ جب گاڑھا ہونے لگے تو اس میں ایک تولہ روغن نشفاش یا روغن گل یا روغن کدو یا صرف میٹھا تیل ملا دیں اور جب لئی کی طرح ہو جائے تو نیچے اتار کر سرد کر لیں۔

ترکیب استعمال:- بقدر حاجت مقام ماؤف پر ضماد کریں۔ اگر باندھنے کی ضرورت ہو تو باندھ بھی سکتے ہیں۔ سردیوں میں اسے نیم گرم حالت میں استعمال کریں۔

مواقع استعمال:- ہر قسم کے دردوں۔ دردناک ورموں اور الم انگیز دماميل و خروج میں فوراً سکون پیدا کرتا ہے۔ حاد اور شدید دردوں اور ورموں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔

٩٨- لعوق کتان

اجزاء وترکیب:- تخم السی سائیدہ ۲ تولہ۔ آرد اصل السوس مقشر، انجیر ولایتی کوفتہ ہر ایک ایک تولہ۔ شہد خالص ۱۲ تولہ۔ سب کو مخلوط کر کے لعوق (چٹنی) تیار کر لیں۔
مقدار خوراک:- ۳ ماشہ سے ۱۰ ماشہ تک دن میں چار پانچ دفعہ دیں۔
مواقع استعمال:- بلغمی کھانسی۔ پرانی کھانسی اور دمہ بلغمی میں مفید ہے۔

٩٩- دوائے قولنج

اجزاء وترکیب:- پاؤ بھر روغن السی خالص
ترکیب استعمال:- بذریعہ عمل احتقان آنتوں میں داخل کر دیں۔
مواقع استعمال:- سُدّے کو توڑ کر فوراً خارج کرتا ہے۔

١٠٠- روغن کتان مرکب

اجزاء وترکیب:- روغن السی اور آب آہک ہموزن لے کر باہم ملا لیں تیار ہے
ترکیب استعمال:- مقام ماؤف پر بار بار لگاتے رہیں۔
مواقع استعمال:- جلے ہوئے مقام پر فوراً لگانا چاہیے۔ آن کی آن میں ٹھنڈک ڈال دیگا۔ اگر چونے کا پانی نہ ملے۔ تو صرف روغن السی ہی لگا دیں فوراً آرام ہوگا۔
ترکیب آب آہک:- چونہ ان بجھا ایک چھٹانک۔ ایک سیر پانی میں اچھی طرح حل کریں۔ دن میں دو تین بار ہلا دیا کریں۔ دوسرے تیسرے دن اس کا نتھار حاصل کریں۔ یہی آب چونہ ہے۔ مگر اسے خوراکی طور پر استعمال نہیں کرتے۔

١٠١- ماء الکلس شکری

اجزاء وترکیب:- دو تولہ دانہ کھانڈ پاؤ سیر صاف پانی میں حل کر کے سبز رنگ کی بوتل میں ڈال دیں۔ پھر اس میں ایک تولہ بجھا ہوا چونہ مصفیٰ ڈال کر خوب ہلائیں اور دن میں کبھی تین چار دفعہ ہلا دیا کریں۔ دوسرے دن پانی نتھا کر محفوظ رکھیں۔ مگر اسے خوشبودار کرنا ہو۔ تو پانی کی بجائے سونف۔ دارچینی۔ الائچی وغیرہ کا عرق ڈال دیں۔ اور خوش رنگ بنانا ہو تو ایک اونس ٹنکچر کرڈیمم کمپونڈ یا نصف اونس ٹنکچر کوچی نیل ملا لیں۔ اور گرمی۔ دھوپ۔ نمی وغیرہ سے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک:- بچوں کو ۵ قطرے سے بیس قطرے تک اور بڑوں کو ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک دن میں دو تین بار کسی عرق شربت۔ چائے۔ دودھ وغیرہ میں ڈال کر دیں۔
مواقع استعمال:- ہر قسم کے قے۔ اسہال۔ ہیضہ۔ ترشی معدہ۔ بدہضمی۔ ترش ڈکار۔ بچوں کے ہرے پیلے دست۔ قے۔ ابکائی۔ متلی۔ عام جسمانی کمزوری۔ دودھ ہضم نہ ہونا۔ یا معدے میں پھٹ جانا اور ہڈیوں کے کمزور رہنے میں بہت مفید ہے۔ [illegible] وغیرہ سے بدرجہا مفید اور لازمی ہے۔ دانت نکلنے کے زمانے کی تکالیف اس سے دور ہو جاتی ہیں۔

١٠٢- ماء الکلس کبریتی

اجزاء وترکیب:- چونہ بجھا ہوا ایک تولہ۔ گندھک زرد ۲ تولہ۔ دونوں کو پاؤ سیر پانی میں ڈال کر اس قدر پکائیں کہ نصف رہ جائے۔ چھان کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال:- مقام ماؤف پر پھریری سے لگائیں۔
مواقع استعمال:- نار فارسی اور خارش کے لئے عجیب الاثر ہے۔ پھوڑے

پھنسیوں اور کیل مہاسے پر لگانا بہت مفید ہے۔

۱۰۳۔ عرق افسنتین

اجزاء و ترکیب :۔ افسنتین رومی پاؤ سیر۔ پانی ۵ سیر۔ حسب دستور معروف اڑھائی سیر عرق کشید کر لیں۔
مقدار خوراک :۔ ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک۔
مواقع استعمال :۔ ضعف معدہ۔ ورم معدہ و جگر۔ مالیخولیا مراقی۔ نفخ شکم کرم شکم اور حمیات نائبہ میں مفید ہے۔

۱۰۴۔ رُبِ افسنتین نمبر ۱

اجزاء و ترکیب :۔ افسنتین خشک پاؤ سیر کو پانچ سیر پانی میں ڈال کر ۱۲ گھنٹے تک بھگو چھوڑیں۔ پھر ہلکی ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو خوب مل کر چھان لیں۔ اور اس پانی کو دوبارہ پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو آگ سے اتار کر پانی کی بھاپ پر پکائیں حتی کہ خشک ہونے کے قابل ہو جائے اسے سرد کر کے دھوپ میں رکھیں۔ دو تین دن میں خشک ہو جائیگا۔
مقدار خوراک :۔ ۴ رتی سے ایک ماشہ تک۔
مواقع استعمال :۔ عرق افسنتین کی مانند۔

۱۰۵۔ رُبِ افسنتین نمبر ۲

اجزاء و ترکیب :۔ تازہ اور سبز افسنتین کی نرم نرم شاخیں برگ و گل سمیت لے کر خوب کوٹیں۔ اور پانی نکال لیں۔ پھر اسے آگ پر رکھیں۔ جب پانی اور سبزی

الگ الگ ہو جائے تو چھان کر سبزی کو علیحدہ [illegible] اور پانی کو [illegible] پکائیں جب اس میں انڈے کی سفیدی جب مادہ علیحدہ ہو کر جمنے لگے [illegible] پھینک دیں۔ اور باقی پانی کو پھر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو اس کی سبزی کو بھی اس میں خوب ملا دیں۔ اور ایک دو جوش آنے دیں۔ پھر آگ سے اتار کر پانی کی بھاپ پر پکائیں۔ اور غلیظ القوام ہونے پر سرد کر کے رکھ لیں۔ رب افسنتین نمبر ۱ تو سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔ مگر اس کا رنگ سبز ہوگا۔
مقدار خوراک :۔ ۴ رتی سے ایک ماشہ تک۔ مواقع استعمال :۔ مثل نمبر ۱ کے

۱۰۶۔ مطبوخ تلخ۔

اجزاء و ترکیب :۔ افسنتین پاؤ سیر کو کسی صاف برتن میں ڈال کر اس پر کھولتا ہوا تین سیر پانی ڈال دیں اور برتن کا منہ کر کے رکھ دیں۔ پندرہ منٹ کے بعد چھان کر کام میں لائیں۔ اسے شہد مصری یا کسی شربت مناسب سے شیریں بھی کیا جا سکتا ہے۔
مقدار خوراک و مواقع استعمال :۔ عرق افسنتین کی مانند۔

۱۰۷۔ روغن افسنتین

اجزاء و ترکیب :۔ نصف سیر افسنتین کو دس سیر پانی میں ڈال کر پانچ سیر عرق کشید کریں۔ پھر اس میں آدھ سیر افسنتین اور پانچ سیر پانی ملا کر پانچ سیر عرق کھینچ لیں۔ تیسری دفعہ پھر پانچ سیر پانی اور آدھ سیر افسنتین اس میں ملا کر پانچ سیر عرق نکال لیں۔ اب اس عرق کو کسی ایسے برتن میں ڈال دیں۔ جو عرق سے لبالب بھر جائے اور وہ نیچے سے فراخ اور اوپر سے تنگ بھی ہو۔ اسے ایک دن

رات یعنی ۲۴ گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ اس کے بعد اسی عرق پر جو روغن تیرتا ہوا دکھائی دیگا اُسے کسی جانور کے پرے باہستگی اُتار کر شیشی میں بھر لیں۔ نہایت نفیس روغن برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک :۔ ایک قطرہ سے ۴ قطرہ تک۔

مواقع استعمال :۔ (اندرونی) بدن میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ تشنج کو دور کرتا ہے حیض کی اور تکلیف میں مفید ہے۔ معدہ۔ امعاء۔ جگر اور دماغ درحم کے افعال کو تیز کرتا ہے۔ کرم شکم کو نکالتا ہے قبض کشا ہے۔ نفخ و تراوٗ۔ وہم و وسواس۔ مراق ومالیخولیا۔ صرع۔ اختناق الرحم۔ کابوس۔ اورام اندرونی۔ حمی دائمہ اور عظم جگر وطحال وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔ مصری۔ بتاشہ۔ کھانڈ۔ شربت۔ عرق پانی وغیرہ میں ملا کر کھلایا جاتا ہے۔

(بیرونی) رحم میں اس کا حمول کرنا عسر الطمث۔ احتباس الطمث۔ درد رحم۔ اختناق الرحم۔ ورم الرحم وغیرہ میں بہت مفید و موثر ہے۔ اس تیل میں روئی کا پھائیہ تر کرکے مقعد میں رکھنا چرنوں کو ہلاک کر دیتا ہے۔ مستول پر لگانے سے وہ تحلیل ہو جاتے ہیں۔ ایک حصہ تیل ۹ حصے روغن زیتون یا روغن گل میں ملا کر کان میں ٹپکانا ورم گوش۔ کرم گوش۔ بہراپن اور درد گوش کے لئے مجرب ہے اسی طرح ناک میں ٹپکانا بھی مفید ہے۔ اس کی مالش کرنے سے اکثر قسم کے اورام و اوجاع کو آرام ہو جاتا ہے اور تشنج بھی رفع ہو جاتا ہے۔

۱۰۴۔ ماء الشیح

اجزاء و ترکیب :۔ اُشق مصفی ایک تولہ صاف کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا عرق گاؤزبان ملاتے اور کھرل کرتے جائیں جتنی آٹھ تولہ عرق مل کر شیرہ ندرد...

کی طرح تیار ہو جائے۔ اسے باریک کپڑے سے چھان لیں۔ شیریں کرنا ہو۔ تو تھوڑی سی مصری ملالیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک تولہ سے ۲ تولہ تک

مواقع استعمال :۔ ہر قسم کی پرانی اور بلغمی کھانسی خصوصاً بوڑھوں کی کھانسی۔ بلغمی دمہ اور ہوائی نالیوں میں بلغم پھنس جانے کے لئے نہایت مفید ہے۔ نمونیہ اور ذات الجنب میں بھی اپنے موقعہ پر اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

اسی دواء کا غرغرہ ورم حلق۔ ورم لہاۃ۔ لقوہ۔ سدر اور دوار وغیرہ میں بھی مفید ہے

۱۰۵۔ لزوق اشق

اجزاء و ترکیب :۔ پہلے چار ماشہ روغن زیتون کو ذرا گرم کرکے اس میں چار رتی گندھک آملہ سار بارئیدہ ملائیں۔ اور حل کریں۔ پھر اس میں ڈیڑھ چھٹانک سیماب مصفی ڈال کر خوب حل کریں۔ یہاں تک کہ اس کی چمک نابود ہو جائے پھر ڈیڑھ چھٹانک صاف درخشندہ اُشق پگھلا کر اس میں ملائیں۔ اور خوب یکجان کرکے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ جب اسے استعمال کرنا ہو تو حسب ضرورت کے مطابق کپڑے کر اس پر یہ لزوق ذرا گرم کرکے یکساں طور پر پھیلا دیں۔ اور نیم گرم حالت میں مقام ماؤف پر چپکا دیں۔

مواقع استعمال :۔ تمام قسم کے سلعات۔ خنازیر۔ اورام صُلبہ عظم جگر و طحال۔ تحجر المفاصل۔ ورم مفاصل۔ تصلب المفاصل وغیرہ پر لگایا جاتا ہے نہایت مفید چیز ہے۔ حضرت استاذ الاطباء کی ہدایت ہے کہ یہ ہر مطب میں تیار رہنا چاہئیے

نوٹ :۔ جب کسی مقام پر اسے چسپاں کریں تو پھر خود نہ اتاریں جیسے جیسے ورم تحلیل ہوگا کپڑا اُترتا جائیگا۔

۱۱۰۔ حب اشق

اجزاء و ترکیب:۔ اشق مصفی ۲ تولہ۔ بزر البنج ۲ تولہ۔ پوست بیخ مدار ایک تولہ
سب کو کوٹ کر شہد کی مدد سے۔ چنے کے دانے برابر گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک:۔ دو دو گولی صبح شام نیم گرم پانی سے یا بدرقہ مناسب
سے کھلائیں۔
مواقع استعمال:۔ بلغمی دمہ۔ پرانی بلغمی کھانسی اور چیپندہ و لزجہ بلغم کو خارج
کرنے کے لئے عجیب چیز ہے۔

۱۱۱۔ سفوف اشق

اجزاء و ترکیب:۔ اشق مصفی ۲ تولہ۔ مشک خالص ۹ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ
سب کو کھرل کرکے باریک سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک:۔ ۱ رتی صبح ۱ رتی شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔
مواقع استعمال:۔ عسر النفس۔ ربو۔ دمہ بلغمی۔ بلغمی کھانسی تشنجی دمہ و سرفہ۔
کوکر کھانسی کے لئے خصوصاً جبکہ ساتھ ہی ضعف قلب اور عام کمزوری کی شکایت
پائی جائے۔ تو یہ دوا اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ اگرچہ قیمتی ہے۔

۱۱۲۔ رُبّ انار بہ ترکیب عجیبہ

اجزاء و ترکیب:۔ قندھاری یا دیسی پختہ انار کے دانوں کا پانی نکال کر چھان
لیں۔ اور ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب شہد کی طرح غلیظ القوام ہو جائے۔ تو سرد
کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک:۔ ایک تولہ سے ۲ تولہ تک۔
مواقع استعمال:۔ قے۔ اسہال۔ بخار۔ تشنگی۔ کمی اشتہا۔ ضعف معدہ و
جگر۔ حرارت معدہ و جگر۔ متلی۔ ابکائی۔ بے چینی۔ اور ضعف قلب وغیرہ میں مفید ہے۔

۱۱۳۔ عصارہ انار

اجزاء و ترکیب:۔ انار کی تازہ کلی حسب ضرورت لے کر اس کا پانی نکالیں اور
پانی کی بھاپ پر پکا کر خشک کریں۔
مقدار خوراک:۔ ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک۔
مواقع استعمال:۔ قابض و حابس خون ہے۔ اسہال اور جریان خون کو بند
کرتا ہے۔ سیلان الرحم میں بھی مفید ہے۔

۱۱۴۔ عرق انیسون

اجزاء و ترکیب:۔ انیسون، بادیان رومی، پاؤ سیر۔ پانی ۵ سیر۔ حسب دستور
ڈھائی سیر عرق کھینچ لیں۔
مقدار خوراک:۔ ۲ سے ۵ تولہ تک۔
مواقع استعمال:۔ ہاضم و مقوی معدہ ہے۔ درد معدہ۔ قراقر۔ نفخ۔ ریاح
کی کثرت۔ بلغمی کھانسی وغیرہ میں مفید ہے۔

۱۱۵۔ روغن انیسون

اجزاء و ترکیب:۔ روغن اجوائن نمبر ۱ کی طرح تیار کیا جاتا ہے۔
مقدار خوراک:۔ ۱ سے ایک یا دو قطرے تک۔

مواقع استعمال:۔ روغن نانخواہ نمبرا کی طرح۔

۱۱۶۔ روح انیسون

اجزاء وترکیب:۔ روغن انیسون مذکور ایک تولہ شراب ولایتی یا برانڈی یا ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۹ تولہ دونوں کو ملالیں تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۵ قطرے سے ۲۰ قطرے تک۔

مواقع استعمال:۔ مثل روغن انیسون کے۔

۱۱۷۔ رُب حنظل

اجزاء وترکیب:۔ تازہ اندرائن دُخمہ بے کراس کا گودا کپڑے میں ڈال کر رس نچوڑلیں۔ اور پانی کی بھاپ پر غلیظ القوام کریں۔ پھر اس میں ہموزن پسی ہوئی کھانڈ ڈالکر اچھی طرح ملادیں۔ جب شہد کے قوام پر آجائے تو سرد کرکے رکھیں

مقدار خوراک:۔ عام استعمال کے لئے ½ رتی سے ½ رتی تک اور مسہل کے لئے ایک رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب۔

مواقع استعمال:۔ تھوڑے وزن میں مقوی معدہ وامعاء ہے اور زیادہ وزن میں مُسہل ہے۔

۱۱۸۔ شربت اندرائن

اجزاء وترکیب:۔ حنظل کے تازہ پتے ایک سیر لے کر رات کو تین سیر پانی میں بھگودیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو چھان لیں اور اس میں ایک سیر کھانڈ ملاکر قوام کرلیں۔

مقدار خوراک:۔ عام استعمال کے لئے ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک اور مسہل کے لئے

۵ تولہ سے ۱۰ تولہ تک۔

مواقع استعمال:۔ رُب حنظل کی مانند۔

۱۱۹۔ روغن حنظل

اجزاء وترکیب:۔ تازہ حنظل کا پانی نکال لیں اور اس میں نصف وزن روغن کنجد یا روغن زیتون ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے۔ تو سرد کرکے چھان لیں۔ اور نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ حسب ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں یا ٹپکائیں۔

مواقع استعمال:۔ گنج۔ بالچر۔ بال گرنے اور دردوں کے لئے اسے بطور مالش کام میں لائیں۔ ثقل سماعت۔ ورم گوش۔ اور درد و گرم گوش کیلئے اس کا قطرہ کریں اور امعاء میں اندرونی طور پر لیا جاسکتا ہے۔ مقدار خوراک ۲ ماشہ سے ۶ ماشہ

۱۲۰۔ حب حنظل

اجزاء وترکیب:۔ رب صبر ۲ تولہ۔ رب حنظل ایک تولہ۔ ست بندق ہندی۔ سقمونیا ہر ایک ۶ ماشہ۔ شہد کی مدد سے چنے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک:۔ ایک گولی سے ۲ گولی تک۔

مواقع استعمال:۔ ضیق النفس۔ ربو۔ وجع مفاصل۔ درد اعصاب۔ درد سر۔ مالیخولیا۔ قبض دائمی۔ مراق وغیرہ میں مفید ہے۔

۱۲۱۔ اکسیر ریاح

اجزاء وترکیب:۔ دانہ الائچی سبز دو تولہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ دارچینی ۹ ماشہ

قرنفل ۶ ماشہ ۔ زیرہ سیاہ کشمیری ۳ ماشہ ۔ سب کو خوب باریک کرکے سفوف کرلیں ۔

مقدار خوراک :۔ ایک ماشہ سے دو ماشہ تک بعد غذا ہمراہ آب ۔

مواقع استعمال :۔ نفخ ۔ کثرت ریاح ۔ ضعف معدہ ۔ درد معدہ ۔ ہچکی ۔ تے ۔ متلی ۔ ابکائی ۔ درد جگر ۔ اسہال اور ضعف قلب میں مفید ہے ۔ اسے کسی رُب شربت ۔ شہد ۔ شیرہ میں ملا کر چٹا بھی سکتے ہیں ۔

۱۲۲ ۔ دوائے خیار شنبر

اجزاء و ترکیب :۔ مغز املتاس ۵ تولہ ۔ تمر ہندی ۲ تولہ ۔ آلو بخارا ۵ دانہ ۔ اصل السوس نیمکوفتہ ۲ تولہ ۔ سنا مکی ۲ تولہ ۔ انجیر زرد ۴ دانہ ۔ الائچی خورد کوفتہ ۔ کشنیز کوفتہ ہر ایک ۶ ماشہ ۔ سب دواؤں کو ڈیڑھ سیر پانی میں ڈال کر نہایت نرم آگ پر رکھیں ۔ یہاں تک کہ اس میں جوش نہ آنے پائے ۔ جب نصف پانی جل جائے ۔ تو اسے اتار کر چھان لیں ۔ اور حسب ضرورت مصری یا کوئی مناسب شربت ملا کر شیریں کرلیں ۔

مقدار خوراک :۔ دائمی قبض کے لئے یا عام قبض کے لئے ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک ہر روز یا جب ضرورت ہو اور مسہل کے لئے ایک پاؤ سے ڈیڑھ پاؤ تک ، عام طور سے صبح کے وقت پلایا جاتا ہے ۔

مواقع استعمال :۔ قبض کو رفع کرتا ہے ۔ اسہال لاتا ہے ۔ مرغوب طبع ۔ خوش ذائقہ اور خوشبودار ہے ۔ اگرچہ رنگ اس کا اچھا نہیں ہے ۔

۱۲۳ ۔ برشش کافوری

اجزاء و ترکیب :۔ کافور ۔ جدوار خطائی ہر ایک ۶ ماشہ ۔ افیون ایک تولہ سب کو کھرل کرکے مثل غبار سفوف تیار کریں ۔

مقدار خوراک :۔ عام حالات میں دو چاول سے ۲ رتی تک اور شدید و خاص حالات میں نصف ماشہ تک دے سکتے ہیں ۔ ہمراہ آب نیم گرم ۔

مواقع استعمال :۔ مخدر و منوم ہے ۔ تفصیل کے لئے "طبی اربعین" میں "سفوف برشش کافوری" کے خواص پڑھیے ۔ البتہ یہ سفوف اس سے چہار چند تیز ہے

۱۲۴ ۔ برشش زنجبیلی

اجزاء و ترکیب :۔ افیون ایک تولہ ۔ زیرہ کشمیری ۳ تولہ ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ سونٹھ عمدہ ۴ تولہ سب کو خوب باریک کرلیں ۔

مقدار خوراک :۔ ایک رتی سے ایک ماشہ تک ۔

مواقع استعمال :۔ اس میں بھی "سفوف برشش کافوری" کے تمام خواص پائے جاتے ہیں ۔ ہاں ! یہ دوا چند امتیازی خواص بھی رکھتی ہے ۔ اور وہ یہ کہ (۱) اس سے ضرر پہنچنے کا بہت کم اندیشہ ہوتا ہے ۔ (۲) معدہ ۔ امعاء اور جگر وغیرہ کا فعل خراب نہیں ہوتا ۔ (۳) نفخ و حبس ۔ جو افیون کا ایک خاصہ ہے ۔ اس سے بالکل نہیں ہوتا بلکہ یہ آلات ہضم کے مذکورہ جملہ نقائص کو دُور کردیتی ہے ۔ چنانچہ جب بدہضمی کے ساتھ درد معدہ کی بھی شکایت ہو یا اپھارہ یا سُدّہ امعاء کی وجہ سے درد شکم لاحق ہو ۔ یا اسہال اور پیچش وغیرہ میں ادویہ قابضہ حابسہ وغیرہ سے نفخ و حبس کے عارض ہونے کا احتمال ہو تو وہاں اس دوا کو بلا خوف و حذر استعمال کیا جاسکتا ہے یہ بھی مرحوم استاذ الاطباء (رح) کی ایک مایہ ناز اور غیر فانی ایجاد ہے ۔ جو ہر ایک مطب میں رکھنے کے لائق ہے ۔

۱۲۵۔ برشِ بیجاساری

اجزاء و ترکیب :۔ گوند بیجاسار دوم الاخوین، ۱۵ تولہ۔ دارچینی قلمی ۴ تولہ۔ افیون ۱ تولہ۔ سب کو مثل سرمہ باریک کریں۔

مقدار خوراک۔ ۳ رتی سے ۱۲ رتی تک۔

مواقع استعمال :۔ اگرچہ یہ بھی انہی فوائد کی حامل ہے جو سفوف برش میں مندرج ہیں۔ مگر اس کی حابس دم تاثیر بہت زیادہ ہے۔ اس لئے نفث الدم قے الدم۔ کثرت حیض و نفاس۔ پیچش و اسہال خونی۔ بواسیر خونی اور جریان خون کی دیگر شکایات میں بکثرت استعمال ہوتی ہے۔

۱۲۶۔ اکسیر ہیضہ

اجزاء و ترکیب :۔ افیون۔ کافور۔ تخم مرچ سرخ ہر ایک ہموزن لے کر پانی میں گھوٹ کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ شدت مرض میں ایک ایک گولی ہر آدھ گھنٹہ بعد دیں۔ جب تخفیف ہو جائے۔ تو دن میں تین چار گولیاں کھلایا کریں۔

مواقع استعمال :۔ ہیضہ کے لئے فی الواقع اکسیر ہے۔

۱۲۷۔ سفوف ذیابیطس

اجزاء و ترکیب :۔ خستہ جامن ۴ تولہ۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ سب کو نشاستہ کی طرح باریک کرلیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک ایک ماشہ صبح شام ہمراہ بدرقہ موافقہ۔

مواقع استعمال :۔ ذیابیطس کے لئے نہایت مفید ہے۔ کثرت بول کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ نہایت مفید دوا ہے۔

۱۲۸۔ حب استحاضہ

اجزاء و ترکیب :۔ مازو بے سوراخ ۱۲ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ دونوں کو باریک کرکے لعاب صمغ عربی کی مدد سے چار چار رتی کی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ دو دو گولیاں دن میں دو تین دفعہ تازہ پانی سے کھلایا کریں

مواقع استعمال :۔ کثرت حیض و نفاس کے لئے مفید ہے۔ ہر قسم کے جریان خون کو بند کرنے میں بھی مؤثر ہے۔

۱۲۹۔ اکسیر حمیٰ وجعی

اجزاء و ترکیب :۔ برش کافوری (نمبر ۱۲۳) ایک تولہ۔ سفوف حبشی نمبر ۱ دو تولہ باہم ملائیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک :۔ ½ رتی سے ۲ رتی تک دن میں دو تین دفعہ تازہ پانی سے کھلا سکتے ہیں۔

مواقع استعمال :۔ ہر قسم کے دردناک تپوں میں نہایت مفید ہے۔ نمونیہ ذات الجنب ورم باریطون۔ وجع المفاصل وغیرہ میں نفع بخش ہے۔ (مجوزہ استاذ الاطباء)

۱۳۰۔ طلائے مسکن

اجزاء و ترکیب :۔ افیون ۲ تولہ۔ صابون دیسی ایک تولہ۔ سرکہ خالص ۱۵ تولہ۔ سب کو خوب مخلوط کرلیں۔

ترکیب استعمال:۔ مقام درد پر طلا کیا کریں۔
مواقع استعمال:۔ ہر قسم کے درد کو فوراً تسکین دیتا ہے۔

۱۳۱۔ دوائے اقاقیا

اجزاء وترکیب:۔ اقاقیا ایک تولہ مثل غبار کر کے ۲ عدد سفیدی بیضہ میں ملائیں۔ اور ایک تولہ روغن گل مخلوط کر کے رکھ لیں۔
ترکیب استعمال:۔ حسب ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں یا اس میں صاف روئی کپڑا التھر کر رحم یا مقعد میں رکھوائیں۔
مواقع استعمال:۔ ہر قسم کے جریان خون کو بند کرتا ہے۔ رحم میں رکھنے سے نزلیف رحمی۔ کثرت طمث و نفاس۔ جریان الرحم وغیرہ میں مفید ہے۔ مقعد کے اوپر لگانے سے یا اندر رکھنے سے بواسیری خون کو روکتا ہے۔

۱۳۲۔ ضماد ایرسا

اجزاء وترکیب:۔ ایرسا عمدہ ۵ تولہ۔ اشق ایک تولہ سب کو سرکہ بقدر حاجت میں گھوٹ کر ضماد تیار کریں۔
ترکیب استعمال:۔ حسب ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں یا بطور فرزجہ کام میں لائیں
مواقع استعمال:۔ تمام قسم کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ رسولیوں کو گھٹاتا ہے۔ ورم رحم۔ صلابت رحم۔ اقتباس الطمث وغیرہ میں اس میں کپڑا یا روئی کا پھایہ تر کر کے حمول کرائیں۔
نوٹ:۔ اگر ساتھ ہی درد کی بھی شکایت ہو۔ تو ذرا سی افیون یا تھوڑا سا کافور اس کے ساتھ شامل کیا جا سکتا ہے۔

۱۳۳۔ روغن سوسن

اجزاء وترکیب:۔ گل ایرسا تازہ ایک چھٹانک۔ بیخ ایرسا ۳ تولہ دونوں کو سیر بھر گرم پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح نرم آگ پر پکائیں جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر اس میں ۱۰ تولہ روغن زیتون اور ۱۰ تولہ روغن کنجد ڈال کر پھر پکائیں یہاں تک کہ صرف تیل باقی رہ جائے دوبارہ چھان کر محفوظ کر لیں۔
ترکیب استعمال:۔ حسب ضرورت سرد یا گرم مالش کریں۔ ناک۔ کان میں اس کا قطور کریں اور رحم میں اس کا پھایہ رکھوائیں۔
مواقع استعمال:۔ تمام قسم کے ورموں اور دردوں میں مستعمل ہے۔ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

۱۳۴۔ حمول عجیب

اجزاء وترکیب:۔ عصارہ کردے تیخ حسب ضرورت
ترکیب استعمال:۔ اس میں روئی کا پھایہ تر کر کے رحم میں رکھوائیں۔
مواقع استعمال:۔ وضع حمل کے بعد اگر رحم میں مشیمہ (آنول) پھنس گئی ہو۔ تو اس کا حمول فوراً اسے خارج کر دیتا ہے۔ علاوہ ازیں قلت حیض۔ درد حیض۔ عسر الطمث۔ بندش طمث اور جنین مردہ کے لئے بھی عجیب چیز ہے۔ مگر حاملہ کو استعمال نہ کرائیں کہ اسقاط کا خوف ہے۔

۱۳۵۔ سفوف کافوری

اجزاء وترکیب:۔ گل قیمولیا ۵ تولہ۔ عاقر قرحا ۲ تولہ۔ کافور ایک تولہ سازو سبز ۱۰ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ سب کو باریک کر لیں۔ اور شیشی میں کارک لگا کر رکھیں

ترکیب استعمال:۔ صبح شام دانتوں اور مسوڑھوں پر ملا کریں۔ اور ایک گھنٹے تک کلی نہ کریں نہ کچھ کھائیں پئیں۔

مواقع استعمال:۔ دانتوں کے درد۔ میل۔ تحرک۔ بدبوئے دہن۔ خون آنے اور اُن کی حفاظت کے لئے نہایت عمدہ دوا ہے۔

۱۳۶۔ اکسیر نایاب

اجزاء و ترکیب:۔ بابچی ۵ تولہ نیم کوب کرکے رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ اس میں سے تین ماشہ دوا روزانہ رات کو آدھ پاؤ میں بھگو دیا کریں۔ صبح اس کا زلال لے کر مصری یا شہد ۲ تولہ سے شیریں کر کے پی لیا کریں۔ ثفل دھوک اگو مہرکہ میں پیس کر مقام ماؤف پر ضماد کریں۔

مواقع استعمال:۔ ہر قسم کے داد۔ چنبل۔ برص۔ بالچر اور گنج کے لئے عجیب الاثر ہے۔ بہق (بلغم) کو زائل کرتی ہے۔ مصفی خون ہے۔ نزلہ۔ زکام مزمن میں مفید ہے۔ کھانسی، ہانسی کو دور کرتی ہے۔ خارش کے لئے بے نظیر ہے۔ مقوی معدہ اور دافع کرم ہے۔ قبض اور بواسیر میں بھی اچھا اثر دکھاتی ہے۔ اس سادہ اور سہل تر دوا پر اگر قیمتی سے قیمتی دوائیں بھی قربان کر دی جائیں تو کوئی ہرج نہیں۔

۱۳۷۔ اکسیر چشم

اجزاء و ترکیب:۔ رسوت مصفی ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں۔ گل ارمنی ہر ایک ۱ ماشہ افیون ۲ رتی سب کو باریک پیس کر آب عنب الثعلب یا آب کشنیز سبز میں ملائیں اگر یہ نہ ملیں تو سفیدی بیضہ بھی کام آسکتی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ آنکھ کے گرداگرد لیپ کر دیں۔

مواقع استعمال:۔ آشوب چشم اور ورم چشم و درد چشم کے لئے نہایت [illegible] ہے۔ دُکھتوں کو ہنسانے والی دوا ہے۔

۱۳۸۔ پوٹلی مسکن

اجزاء و ترکیب:۔ لودھ پٹھانی ۶ ماشہ۔ کوکنار ۳ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ تینوں کو کوٹ کر پوٹلی بنالیں۔

ترکیب استعمال:۔ گرم پانی میں بھگو کر آنکھ پر رکھتے رہیں۔

مواقع استعمال:۔ آشوب چشم۔ درد۔ سرخی وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

۱۳۹۔ حبّ سفید

اجزاء و ترکیب:۔ نشاستہ گندم۔ سفیدہ اُنڈہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ایک تولہ۔ آب کوکنار میں پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی لعاب اسپغول یا بکری کے تازہ دودھ یا پانی میں گھس کر آنکھ پر ضماد کیا کریں۔

مواقع استعمال:۔ سرخی۔ آشوب۔ ورم وغیرہ کے لئے نافع ہے۔

۱۴۰۔ اکسیر حُمرۃ العین

اجزاء و ترکیب:۔ پھٹکڑی سفید بریاں ایک تولہ کو کھرل میں ڈال کر مطبوخ زیرہ سفید کے ہمراہ اس قدر سحق کریں کہ آدھ سیر مطبوخ جذب ہو کر دوا خشک و باریک مثل سرمہ ہو جائے۔ محفوظ رکھئے۔

ترکیب استعمال:۔ سلائی سے دن میں دو تین بار آنکھوں میں لگایا کیجئے۔

مواقع استعمال :۔ سرخی چشم کے لئے تحفہ روزگار ہے۔ آشوب چشم کے لئے بہت مفید ہے۔ نگاہ کو بھی تیز کرتی ہے۔

ترکیب مطبوخ زیرہ سفید :۔ زیرہ سفید ۲ تولہ کو ایک سیر پانی میں ڈال کر پکائیں جب نصف رہ جائے تو چھان کر کام میں لائیں۔

۱۴۱۔ دوائے جرب الاجفان

اجزاء و ترکیب :۔ مازو سبز ۲ تولہ۔ چاکسو مقشر ایک تولہ۔ پھٹکڑی خام ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ ماشہ۔ دارچکنا ۴ رتی سب کو مثل غبار کر لیں

ترکیب استعمال :۔ پلکوں کو الٹا کر ککروں پر یہ دوا تھوڑی سی چھڑک دیا کریں۔ دن میں دو تین دفعہ تجدید عمل کریں۔

مواقع استعمال :۔ ککروں کے لئے جید النفع ہے۔

نوٹ :۔ اندرونی طور پر نمک اسفنج ایک ماشہ یا سفوف زہبقی ایک رتی روزانہ کھانا چاہئے۔ بہت جلد آرام ہوگا۔

۱۴۲۔ روغن گوش

اجزاء و ترکیب :۔ روغن تارپین خالص ایک تولہ۔ روغن شفاء ۳ ماشہ۔ روغن زیتون ولایتی ۱۰ تولہ سب کو حل کر لیں۔

ترکیب استعمال :۔ چار چار قطرے دن میں دو تین بار ذرا گرم کر کے کان میں ڈال دیں۔

مواقع استعمال :۔ درد گوش۔ ورم گوش۔ کرم گوش وغیرہ کے لئے اور ان وجوہات سے بہراپن عارض ہو جانے کے لئے بہت مفید ہے۔

۱۴۳۔ دوائے نظرون

اجزاء و ترکیب :۔ جوکھار اصلی ولایتی ۵ تولہ۔ سجی لوٹہ کھار ۳ تولہ۔ سورنجان تلخ ایک تولہ۔ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک ایک ماشہ صبح شام ہمراہ آب نیمگرم۔

مواقع استعمال :۔ وجع مفاصل اور نقرس کے لئے عجیب الاثر ہے پتھری کی پیدائش کو روکتی ہے۔ پیشاب جاری کرتی ہے۔ بندش حیض میں بھی اکلاً و حمولاً مفید ہے۔ بدن سے ترشی کی پیدائش اور زیادتی کو دور کرتی ہے۔ اگر نقرس یا گٹھیا کے سبب سے گکرے پیدا ہو گئے ہوں تو ان کو زائل کر دیتی ہے۔

۱۴۴۔ اکسیر ظفرہ۔

اجزاء و ترکیب :۔ نمک لاہوری۔ کھنڈیا۔ نوشادر۔ پھٹکری بریاں قلمی شورہ ہر ایک ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ سب کو خوب باریک کریں۔

ترکیب استعمال :۔ سلائی سے بطور سُرمہ لگایا کریں۔

مواقع استعمال :۔ ظفرہ (ناخونہ) کے لئے خاص چیز ہے۔ علاوہ ازیں پڑبال پھولا۔ دھند۔ غبار۔ جالا۔ سبل وغیرہ کے لئے بھی مفید ثابت ہوا ہے۔ دن میں دو تین بار استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۴۵۔ دوائے ناخونہ۔

اجزاء و ترکیب :۔ اقلیمیائے ذہبی۔ نوشادر۔ پھٹکڑی ہر ایک دو ماشہ۔ تخم سرس ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۱۶ عدد۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ طوطیا سبز ۲۴ رتی سب کو

مثل سرمہ باریک پیس لیں۔
ترکیب استعمال و مواقع استعمال:۔ حسب ترکیب بالا۔

۱۴۶۔ کحل ہارونی

اجزاء و ترکیب:۔ مامیران چینی۔ چاکسو مدبر۔ تخم سرس۔ سنگ بصری ہر ایک ایک تولہ۔ توتیا ہارونی غنچہ چنبیلی۔ سنکھ سوختہ ہر ایک ۶ ماشہ حسب دستور سرمہ تیار کریں۔
ترکیب استعمال:۔ سلائی سے لگایا کریں۔
مواقع استعمال:۔ نئے ناخونہ کے لئے جیدالاثر ہے۔

۱۴۷۔ دوائے سرخبادہ

اجزاء و ترکیب:۔ میگنیشیا سلفاس ۲ ڈرام۔ ٹنکچر سٹیل ۱۵ منم۔ کیمفر واٹر یا عرق بیدمشک ۵ تولہ سب کو حل کر لیں۔
مقدار خوراک:۔ ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین دفعہ پلاتے رہیں۔
مواقع استعمال:۔ حمرہ (سرخباد) کے لئے یہ دوا نہایت مفید ہے قبض کشا بھی ہے۔ اور مندرجہ ذیل دوا بھی اس مرض کے لئے بہت مفید ہے۔

۱۴۸۔ دیگر

اجزاء و ترکیب:۔ فیریٹ کوئنین سائٹراس ۳ رتی۔ ایپسم سالٹ ۲ ڈرام۔ پانی صاف یا عرق بیدمشک و گاؤزبان ۵ تولہ۔ سب کو حل کر لیں۔
مقدار خوراک:۔ ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین دفعہ پلائیں۔

سرخبادہ کے لئے مقامی طور پر مندرجہ ذیل دواؤں میں سے کسی ایک کو استعمال کرنا نہایت مفید ہوتا ہے۔ عن الاستاذ المرحوم:۔
(۱) کسٹرآئیل ایک اونس۔ کلوڈین ۲ اونس۔ دونوں کو باہم ملا لیں۔ اور دن میں دو تین دفعہ لگاتے رہا کریں۔
(۲) اکتھیول ایک اونس۔ ویزلین ۲ اونس دونوں کو ملا لیں۔ اور مقام ماؤف پر چپڑ دیا کریں۔
(۳) سپاری۔ مرداسنگ۔ مکوہ خشک ہموزن لے کر پانی میں پیس کر ضماد کریں۔
(۴) صمغ عربی ایک تولہ کو باریک کر کے تین تولہ پانی میں گھوٹیں پھر اس میں تھوڑا تھوڑا روغن انڈ ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ ۳ تولہ روغن اس میں بخوبی مل کر دوا سفید شیرہ کی طرح ہو جائے۔ اسے ضماد کر دیا کریں۔
(۵) مامیثا۔ گل سرخ۔ گل ارمنی۔ گل قیمولیا۔ اقاقیا۔ رسونت مساوی الوزن لے کر سرکہ میں پیس کر لیپ کریں۔
(۶) زرورد۔ اکلیل الملک۔ گلنار۔ کشنیز خشک ہر ایک ۶ ماشہ کافور ۳ ماشہ پانی یا سرکہ میں گھوٹ کر لیپ کر دیا کریں۔

۱۴۹۔ نسوار سرسام نمبر ۱

اجزاء و ترکیب:۔ کندش۔ عاقرقرحا۔ برگ کنیر ہموزن لے کر باریک کر لیں۔
ترکیب استعمال:۔ تھوڑی سی نسوار مریض کی ناک میں پھونک دیں۔
مواقع استعمال:۔ سرسام اور بے ہوشی ہر قسم کے لئے نافع ہے۔

۱۵۰۔ نسوار سرسام نمبر ۲

اجزاء و ترکیب:۔ فلفل گرد۔ زنجبیل۔ نوشادر ہموزن باریک کر لیں۔

ترکیب استعمال و مواقع استعمال :- مثل نمبر ا کے۔

۱۵۱۔ نسوار سرسام نمبر ۳

اجزاء و ترکیب :- مصبر ۶ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ دونوں کو باریک کریں۔
ترکیب استعمال و مواقع استعمال :- حسب ترکیب بالا۔

۱۵۲۔ سعوط مفید

اجزاء و ترکیب :- پیاز نرگس۔ پیاز زنبق۔ دونوں کا پانی نکال لیں۔
ترکیب استعمال :- چند قطرے ناک میں سڑک دیں۔
مواقع استعمال :- سرسام میں مفید ہے۔ نوٹ :- اگر اس میں ذرا سا نمک بھی حل کر لیا جائے تو اور بھی مفید ہے۔

۱۵۳۔ دیگر

اجزاء و ترکیب :- عصارہ قثاء الحمار یا عصارہ برگ مدار ۲ تولہ۔ پوست بندق ہندی ایک تولہ دونوں کو پیس کر رکھیں۔ ترکیب استعمال :- ناک میں سعوط کریں۔
مواقع استعمال :- سرسام کی بیہوشی کو رفع کرتا ہے۔

۱۵۴۔ دوائے سرسام سلی

اجزاء و ترکیب :- سرطان سوختہ ½ رتی۔
مقدار خوراک :- ایسی ایک خوراک روزانہ ایک عرصہ تک کھلاتے رہیں۔ تین چار ماہ کے بعد ایک رتی خوراک کر دیں۔ پھر ۶ ماہ کے بعد ۲ رتی اور ایک سال

کے بعد ۳ سے ۴ رتی تک بڑھا سکتے ہیں۔
مواقع استعمال :- یہ معمولی سی دوا ایک ایسے مہلک اور عسر العلاج مرض کے لئے تیر بہدف ہے۔ جسے سرسام سلی یا سرسام قوبائی کہتے ہیں۔ جو زیادہ تر چھوٹے بچوں کو لاحق ہوا کرتا ہے۔ مگر اس دوا کو کم از کم سال ڈیڑھ سال تک کھلاتے رہنا چاہئے انشاء اللہ یقینی فائدہ ہوگا۔

۱۵۵۔ دوائے سرسام قوبائی

اجزاء و ترکیب :- اسفنج سوختہ ایک چاول۔
مقدار خوراک :- ایسی ایک خوراک روزانہ کھلا دیا کریں۔ ایک سال کے بعد اس کی مقدار ۲ چاول۔ دو سال کے بعد ۳-۴ چاول کر دیں۔ کم از کم دو تین سال تک ضرور استعمال کراتے ہیں۔
مواقع استعمال :- سرسام قوبائی دسلی کے لئے جید الاثر ہے مگر تحمل کی ضرورت ہے

۱۵۶۔ دیگر

اجزاء و ترکیب :- روغن مغز تخم نیم ½ قطرہ۔
ترکیب و مواقع :- حسب ترکیب بالا استعمال کرائیں یہ دوا بھی اس مرض کیلئے یقینی نفع بخش ہے

۱۵۷۔ معجون فاقلہ

اجزاء و ترکیب :- دارچینی۔ وج ترکی۔ زرنباد ہر ایک ا تولہ۔ عود ہندی ۳ تولہ۔ عود صلیب ۳ تولہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں ہر ایک ۴ تولہ۔ صندل سفید بالچھڑ ہر ایک ۱۰ تولہ۔ شہد خالص تین پاؤ۔ ورق نقرہ کلاں ۲۵ عدد۔ بدستور

معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۳ ماشہ سے ۱۰ ماشہ تک بعد غذا۔

مواقع استعمال:۔ ضعف قلب۔ خفقان۔ صرع۔ اختناق الرحم۔ مالیخولیا خصوصاً مراقی۔ کابوس۔ ضعف اعضائے رئیسہ۔ عام جسمانی کمزوری۔ ضعف باہ وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔

۱۵۸۔ دوائے خفقان کبدی

اجزاء و ترکیب:۔ بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ ریوند خطائی ۶ ماشہ۔ تخم کشوث دلبصرہ بستہ ۶ ماشہ۔ بانجپھڑ ۱۰ ماشہ سب کو تین پاؤ پانی میں ڈال کر پکائیں اور چھان کر رکھ لیں

مقدار خوراک:۔ اس میں سے نصف صبح نصف شام کو پلادیں۔ اور ہفتہ عشرہ تک متواتر استعمال کرائیں۔

مواقع استعمال:۔ خفقان القلب کبدی کی خاص دوا ہے۔ جگر اور معدہ کے افعال کو درست کرتی ہے۔

۱۵۹۔ دوائے زحیر

اجزاء و ترکیب:۔ روغن بادام شیریں [illegible] ۵ قطرے۔ دودھ ایک چھٹانک۔ کتیرا گوند سائیدہ ۴ ماشہ سب کو خوب مخلوط کریں۔

مقدار خوراک:۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح شام پلائیں۔

مواقع استعمال:۔ پیچش و مروڑ کے بیحد مفید ہے۔

۱۶۰۔ سفوف کات

اجزاء و ترکیب:۔ کتھ سرخ ۳ ماشہ باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک:۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح شام ہمراہ ترش لسی کے کھلائیں۔

مواقع استعمال:۔ پیچش خونی اور اسہال کے لئے بلیغ النفع ہے۔

۱۶۱۔ سفوف طوطیا

اجزاء و ترکیب:۔ کتھ سرخ ۴ تولہ۔ افیون خالص ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ سب کو مثل غبار کرلیں۔

مقدار خوراک:۔ ایک ایک رتی صبح شام مکھن یا بالائی کے ہمراہ کھلائیں

مواقع استعمال:۔ [illegible] ہر قسم پیچش۔ مروڑ۔ اندرونی قروحات سوزاک اور [illegible] وغیرہ کے لئے مفید ہے مصفی خون ہے۔

۱۶۲۔ اتریفل تسنجی

اجزاء و ترکیب:۔ رال زرد۔ بیلگری۔ ہلیلہ سیاہ مساوی الوزن لے کر خوب باریک کر لیں۔

مقدار خوراک:۔ تین تین ماشہ دن میں تین دفعہ ہمراہ آب تازہ کھائیں۔

مواقع استعمال:۔ زحیر و مغص و تنج امعاء میں مفید ہے۔ اکثر ایک ہی دن میں فائدہ ظاہر ہو جاتا ہے۔

۱۶۳۔ سفوف بادیان

اجزاء و ترکیب:۔ بادیان۔ ہلیلہ سیاہ۔ مغز خستہ انبہ۔ ہر ایک ہموزن لے کر خوب باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک و مواقع استعمال:۔ حسب تراکیب بالا۔

۱۶۴۔ سفوف آملہ

اجزاء و ترکیب :۔ آملہ خشک۔ گل دھاوا۔ زنجبیل برابر وزن لے کر باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ تین تین ماشہ دن میں تین بار کسی مناسب بدرقہ سے مثلاً شربت انجبار۔ موڑیوں۔ صندلین وغیرہ سے کھلائیں۔ یا صرف پانی سے استعمال کرائیں۔

مواقع استعمال :۔ اسہال اور پیچش کے لئے نہایت مفید ہے حتیٰ کہ افیونی کے اسہال اور زچہ کی زحیر و اسہال کے لئے بھی مفید چیز ہے۔

۱۶۵۔ محلول زحیر

اجزاء و ترکیب :۔ عرق پودینہ ۳ تولہ۔ تیزاب گندھک خالص ½ قطرہ۔ دونوں کو حل کرلیں۔

مقدار خوراک :۔ ایسی ایک ایک خوراک دن میں دو تین بار۔

مواقع استعمال :۔ پیچش اسہال کے لئے اکسیر ہے۔

ہوالشافی

اکسیرات طب جدید

حصہ دوم

مرکبات طب قدیم مجربہ موجد طب جدید

۱۶۶۔ عرق ماء اللحم

اجزاء و ترکیب :۔ بکرے کا گوشت ۵ سیر۔ مرغ کا گوشت ۲ سیر دونوں کو بیس سیر پانی میں ڈال کر پکائیں۔ جب خوب گل جائے تو بوٹیوں کو علیحدہ کر دیں۔ اور اس یخنی میں دارچینی۔ جائفل۔ لسباسہ۔ زرنباد۔ عود صلیب۔ بالچھڑ دار فلفل۔ کابین ہر ایک ایک تولہ۔ کشنیز۔ الائچی خورد۔ صندل سفید۔ بہمنین ہر ایک ۲ تولہ۔ عود ہندی ۱۰ تولہ۔ قرنفل۔ زعفران ہر ایک ۱۰ ماشہ دونج عقربی ابریشم مقرض۔ سعد کوفی۔ غنچہ گل سرخ۔ شقاقل مصری۔ بوزیدان ۱ - ۱ شیشہ۔ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ روح بید مشک۔ روح گلاب۔ روح کیوڑہ ہر ایک ایک بوتل

مقدار خوراک :- چھ چھ ماشہ صبح شام عرق بادیان یا عرق منڈی سے کھائیں

افعال و منافع :- درد سر، آشوب چشم وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ مقوی دماغ و چشم بھی ہے۔ اور معدے کی تبخیر کو دور بھی کرتا ہے۔

۱۶۹۔ حبّ شفاء

اجزاء و ترکیب :- ریوند چینی ۲۰ تولہ۔ صمغ عربی۔ زنجبیل ہر ایک سوا تولہ۔ تخم دھاتورہ سیاہ سوا تین تولہ۔ سب کو باریک کر کے شہد میں چنے برابر گولیاں بنائیں

مقدار خوراک :- ایک ایک گولی صبح شام پانی سے یا کسی مناسب بدرقہ سے استعمال کریں

افعال و منافع :- اکثر اقسام اوجاع میں مفید ہے۔ بخاروں کو دور کرتی ہے۔ مسکن ... ہے۔ مقوی معدہ بھی ہے۔

۱۷۰۔ حب مسکین نواز

اجزاء و ترکیب :- سیماب مصفی۔ گندھک آملہ سار دبکی ساختہ، پوست بلیلہ زرد۔ پوست آملہ۔ پوست بلیلہ۔ شیطرج۔ زنجبیل۔ بہمن سرخ و سفید۔ فلفل سیاہ۔ ریوند چینی۔ سہاگہ خام۔ زرنیخ ورقی۔ بیش مدبر۔ فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبر ۶ تولہ۔ سب کو باریک کر کے آب بھنگرہ سبز یا آب برگ پان میں ایک دن صلایہ کر کے ماش کے دانے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک :- عام امراض میں ایک دو گولی اور مسہل کے لئے ۳ سے ۵ گولی تک استعمال کریں۔

افعال و منافع :- مقوی معدہ و امعاء و جگر ہیں۔ ہیضہ۔ بواسیر۔ قولنج۔ درد شکم، قبض ہر قسم وغیرہ میں مفید ہیں۔ پرانے بخاروں اور بگڑے ہوئے نزلہ

داخل کر کے عرق کشید کرلیں۔ صاحب استطاعت اصحاب نیچہ کے منہ میں مشک ۳ ماشہ۔ عنبر ۴ ماشہ کی پوٹلی رکھدیں ورنہ کوئی ضرورت نہیں۔

مقدار خوراک :- ۵ تولہ بوقت صبح نہار شکم پئیں۔ شیریں کرنا ہو تو ذرا سی مصری ملالیں۔

افعال و منافع :- اعضائے رئیسہ کو فوراً طاقت دیتا ہے۔ محرک و مقوی بدن ہے۔ مفرح ہے۔ مقوی باہ و اعصاب و عضلات ہے اور مصلح خون بھی ہے

۱۶۷۔ عرق مقوی جگر

اجزاء و ترکیب :- بالچھڑ۔ سادج ہندی۔ صندل سفید۔ الائچی کلاں ہر ایک ۵ تولہ۔ افسنتین رومی ۳ تولہ۔ نیلوفر۔ غنچہ گل سرخ۔ گل غافث ہر ایک ۲۰ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ سب کو رات بھر آٹھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح چھ بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک :- ۷ تولہ صبح ۷ تولہ شام کو شربت دینار ۲ تولہ سے شـ... کر کے پی لیا کریں۔

افعال و منافع :- مقوی معدہ و جگر ہے۔ دل کو فرحت اور طاقت بھی دیتا ہے۔

۱۶۸۔ اطریفل کشنیز

اجزاء و ترکیب :- پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ کشنیز خشک ہر ایک ۲۰ تولہ۔ روغن بادام شیریں ۱۰ تولہ۔ ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کریں۔ اور ۱۴۴ تولہ خالص شہد میں ملا کر اطریفل بنالیں۔ کبھی اس نسخے میں ۵۰ عدد ورق نقرہ بھی شامل کر لئے جاتے ہیں۔

زکام کے لئے بھی نفع بخش چیز ہے۔

۱۷۱۔ خمیرہ خشخاش

اجزاء و ترکیب :۔ کوکنار مسلم نیم کوفتہ ۲۵ عدد کو عرق گاؤزبان و عرق بادیان ہر ایک آدھ سیر میں رات کو بھگو دیں۔ صبح ہلکی آگ پر پکائیں جب نصف رہ جائے تو مل کر چھان لیں۔ اور اس میں خشخاش سفید ۱۰ تولہ۔ خشخاش سیاہ ۵ تولہ تخم کاہو ۳ تولہ۔ بزرالبنج ۲ تولہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین ہر ایک ۲۰ تولہ گھوٹ کر شیرہ نکال لیں۔ پھر اس شیرہ میں ڈیڑھ سیر مصری ڈال کر قوام درست کر لیں۔
مقدار خوراک :۔ ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ شربت بنفشہ ۲ تولہ سے استعمال کریں۔
افعال و منافع :۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ اور نفث الدم کے لئے عجیب الاثر ہے۔ دمہ کو تسکین دیتا ہے مسکن دماغ بھی ہے۔ خواب آور ہے جریان خون کا بھی حابس ہے۔

۱۷۲۔ شربت خشخاش

اجزاء و ترکیب :۔ پوست خشخاش پاؤ سیر کو رات بھر ڈیڑھ سیر گرم پانی میں تر رکھیں۔ صبح ہلکی آگ پر جوش دیں جب نصف رہ جائے تو اس میں ڈیڑھ سیر دانہ کھانڈ ملا کر قوام کریں۔
مقدار خوراک :۔ تین تین تولہ صبح شام عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا پانی میں حل کر کے پی لیا کریں۔
افعال و منافع : "خمیرہ خشخاش" کی مانند۔

۱۷۳۔ مرہم سیندھور

اجزاء و ترکیب :۔ سیندھور۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک ۲ تولہ۔ روغن سرسوں ڈیڑھ پاؤ۔ تینوں کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب جوش آنے لگے تو آہنی سلاخ سے ہلاتے رہیں۔ جب سیاہ ہونے لگے فوراً اتار کر برتن کو سرد پانی میں رکھیں۔
ترکیب استعمال :۔ تھوڑا سا مرہم کپڑے پر لگا کر زخم پر چسپاں کر دیا کریں۔ پٹی ہر روز بدل دینی چاہیئے۔ افعال و منافع :۔ زخموں کے لئے مفید ہے۔

۱۷۴۔ معجون سورنجاں

اجزاء و ترکیب :۔ سنہرہ ماہی۔ بوزیدان۔ شیطرج۔ بیخ کبر۔ زیرہ سفید ہر ایک ۳۰ ماشہ۔ سورنجاں شیریں ۱۰ ماشہ۔ بادیاں۔ تخم کرفس۔ صبر سقوطری۔ فلفل سفید۔ صعتر۔ نمک ہندی۔ کف دریا۔ برگ مہندی ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ سقمونیا۔ زنجبیل۔ گل سرخ۔ تخم کنجد ہر ایک ۵ ماشہ۔ تربد سفید خراشیدہ ۲۹ ماشہ۔ روغن بادام شیریں ۱۰ ماشہ۔ شہد خالص ۲۲ تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن میں چرب کریں۔ اور شہد میں ملا کر معجون بنا لیں۔ نوٹ :۔ اگر ایلوا داخل کرنا گوارا نہ ہو تو اس کی بجائے سورنجاں تلخ اور زعفران ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ شامل کر لیں۔ حضرت استاذ الاطباءؒ اس طریق سے بھی تیار فرما لیا کرتے تھے۔
مقدار خوراک :۔ پانچ پانچ ماشہ صبح شام نیم گرم پانی یا عرق بادیان ۱۲ تولہ سے کھا لیا کریں۔
افعال و منافع :۔ عرق النساء۔ نقرس۔ درد مفاصل وغیرہ کیلئے بہت مفید ہے۔ قبض کشا

۱۷۵۔ معجون کچلہ

اجزاء و ترکیب :۔ کتیرا عربی۔ نارجیل مقشر۔ اسطخودوس۔ مغز حب الصنوبر ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ برگ گاؤزبان ۹ ماشہ۔ زرنباد۔ دانہ الائچی سبز۔ شقاقل۔ پوست آملہ۔ برادہ صندل سفید۔ ہلیلہ زنگی ہر ایک ۴ ماشہ۔ مونگ۔ عود ہندی ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ ۱ ماشہ سب دواؤں کو باریک کر کے سہ چند شہد میں معجون تیار کر لیں۔

مقدار خوراک :۔ ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح شام بعد غذا عرق بادیان ۱۰ تولہ سے کھا لیا کریں۔ تقویت باہ و اعصاب وغیرہ کے لئے دودھ سے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

افعال و منافع :۔ گٹھیا۔ نقرس۔ دردہائے مختلفہ۔ لقوہ۔ فالج۔ رعشہ۔ اختلاج۔ صرع۔ کابوس وغیرہ کو دور کرتی ہے مقوی باہ و اعصاب ہے۔ بلوغت کی تمام کمزوری کے لئے نہایت مفید ہے۔

۱۷۶۔ ضماد جالینوس

اجزاء و ترکیب :۔ سنبل الطیب۔ آرد جو مقشر۔ گل بابونہ۔ اکلیل الملک ہر ایک ایک تولہ۔ مکوئے خشک ۱۰ تولہ سب کو باریک کر کے آب برگ عنب الثعلب ۴ تولہ۔ مغز خیار شنبر۔ سرکہ خالص ہر ایک ۲ تولہ۔ روغن گل ایک تولہ میں ملائیں اور آگ پر گرم کر کے ضماد تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال :۔ بقدر ضرورت یہ ضماد مقام ماؤف پر نیم گرم لیپ کریں اور اوپر برگ ارنڈ نیم گرم باندھ دیں۔

افعال و منافع :۔ عضلات خصوصاً پیٹ کی سختی کو دور کرتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔

۱۷۷۔ شربت انجیر

اجزاء و ترکیب :۔ برگ سنا مکی۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ گل گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ۔ صندل سفید۔ تخم کرفس۔ برگ مکوہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ اسطخودوس۔ بادیان۔ بیخ بادیان۔ بیخ کاسنی ہر ایک ۱۲ تولہ۔ انیسون ۱ تولہ۔ مویز منقیٰ ۵ تولہ۔ زرشک ۴ تولہ۔ کشمش ۷ تولہ۔ انجیر ولایتی ۱۲ تولہ سب دواؤں کو رات بھر ۵ سیر گرم پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح ہلکی ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب نصف رہ جائے تو خوب مل کر چھان لیں۔ اور اس میں کھانڈ دانہ ۲ سیر۔ ترنجبین مصفیٰ پاؤ سیر۔ شیر خشت ۵ تولہ۔ شہد ۱۵ تولہ ملا کر قوام کر لیں۔ اور سرد کر کے چھان کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک :۔ ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک عرق بادیان و گلاب میں حل کر کے یا دودھ نیم گرم میں ڈال کر پلایا کریں۔

افعال و منافع :۔ اعلیٰ درجہ کا بے ضرر قبض کشا ملین طبع شربت ہے دائمی قبض کے لئے نہایت مفید ہے۔ جگر، معدہ اور امعاء کے افعال درست کرتا ہے۔ بعض دماغی امراض جو قبض اور معدہ کی خرابی سے عارض ہوتے ہیں وہ بھی اس کے استعمال سے اکثر دور ہو جاتے ہیں۔

۱۷۸۔ لعوق سل

اجزاء و ترکیب :۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ طباشیر کبود۔ الائچی سفید۔ برادہ صندل سفید۔ رب السوس۔ دم الاخوین۔ کہربا شمعی ہر ایک ۴ ماشہ۔ نشاستہ گندم۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ تخم کاہو مقشر۔ تخم خرفہ۔ ریحان۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خربوزہ۔ تخم چلغوزہ۔ خشخاش سفید۔ خشخاش سیاہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر

۲۰ تولہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ زعفران۔ کافور ہر ایک ۲ ماشہ دارچینی ۱۰ ماشہ سب کو خوب باریک کر کے رب بہی و رب سیب بقدر حاجت (ہر ایک رُب قریباً ۲۵ تولہ ہونا چاہئے۔ گیلانی) میں ملا کر لعوق تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ تھوڑا تھوڑا لعوق دن میں کئی بار چٹایا کریں۔ اگر کمزوری کا غلبہ ہو تو ورق نقرہ میں لپیٹ کر عرق گاؤزبان و بادیان سے کھلا دیا کریں۔

افعال و منافع:۔ سِل۔ دق کے لئے مفید ہے۔ خون کو بند کرتی۔ اور کھانسی کو آرام دیتی ہے۔

۱۷۹۔ حب قبض کشاء

اجزاء و ترکیب:۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۳ تولہ سہاگہ سفید۔ تربد سفید خراشیدہ۔ سورنجاں شیریں ہر ایک ایک تولہ سقمونیا۔ غاریقون مغز بل ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ زنجبیل ۴ ماشہ۔ ریوند چینی۔ گل بنفشہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ سب کو خوب باریک کر کے شہد بقدر حاجت میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنالیں

مقدار خوراک:۔ دو گولی سے پانچ گولی تک بوقت خواب ہمراہ آ[illegible] یا عرق گلاب۔ کھلا دیا کریں۔

افعال و منافع:۔ عام قبض کشاء دوا ہے۔ اور بالکل بے ضرر ہے معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ جن امراض میں روزانہ قبض کشائی کی ضرورت ہو وہاں اس کا استعمال بہت موزوں رہتا ہے۔ درد دل میں بھی بہت مفید ہے۔

دواخانہ طب جدید کی خدمات کا تجربہ کیجئے!

۷۸۶

ھوالشافی

اکسیرات طب جدید

حصہ سوم

بادۂ کہن در جامِ نو

۱۸۰۔ قرص زمانی

اطریفل زمانی:۔ طب قدیم کا نہایت مشہور و مفید مرکب ہے لیکن بعض اصحاب بد ذائقہ۔ بدرنگ بدبودار اور کثیر الخوراک ہونے کی وجہ سے اسے کھا نہیں سکتے تھے حضرت والد صاحب مرحوم نے اس کے قرص تیار کر لئے جس سے مقدار خوراک بھی کم ہو گئی۔ اور رنگ۔ بو اور ذائقہ کی شکایت بھی جاتی رہی۔ نسخہ مبارک یہ ہے:۔

اجزاء و ترکیب:۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ گل نیلوفر ہر ایک ۵ تولہ۔ کشنیز خشک ۳ تولہ۔ عناب ۵۰ دانہ۔ سپستاں ۵۰ دانہ سب کو رات بھر آدھ سیر گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح ہلکی آگ پر پکائیں جب آدھ پاؤ پانی رہ جائے تو خوب مَل کر چھان لیں تربد سفید خراشیدہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ مقشر۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ

آملہ منقی۔ ہر ایک ۳ تولہ۔ کتیرا۔ صندل سفید۔ طباشیر ہر ایک ۱۰ ماشہ سقمونیا ولایتی ۲۰ تولہ۔ غاریقون مغز بل ۱۰ تولہ سب کو خوب باریک کرکے مندرجہ بالا مطبوخ ڈال کر خوب گھوٹیں اور ایک ایک ماشہ کے قرص بناکر اوپر چاندی کے ورق چڑھائیں

مقدار خوراک :- ایک سے تین قرص تک رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی یا دودھ یا عرق گاؤزبان و بادیان سے کھالیا کریں۔

افعال و منافع :- منقی دماغ ہے۔ قولنج۔ قبض۔ نزلہ۔ زکام دائمی۔ مالیخولیا۔ مراق۔ تبخیر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

۱۸۱- قرص تریاق النزلہ

"تریاق النزلہ" بھی طب قدیم کی مشہور دوا ہے۔ ذیل کی ترکیب سے اس کے قرص تیار کئے گئے ہیں:-

اجزاء و ترکیب :- گل گاؤزبان۔ کشنیز خشک۔ حب الآس۔ تخم کاہو ہر ایک ۳۰ تولہ۔ کوکنار ۱۰ تولہ۔ بزر البنج۔ تخم دھاتورہ ہر ایک ۲ تولہ۔ گل سرخ ۴ تولہ۔ اصل السوس ۵ تولہ سب کو شب بھر ۲ سیر گرم پانی میں بھگو دیں۔ جوش دیں جب تین پاؤ پانی رہ جائے۔ تو مل کر چھان لیں۔ اور اس میں رب السوس نشاستہ۔ صمغ عربی۔ زنجبیل۔ کتیرا۔ مرمکی ہر ایک ۲ تولہ اسطخودوس ۱ تولہ۔ خشخاش سفید ۳ تولہ۔ خوب باریک پیس کر ڈال دیں۔ اور نرم آگ پر پکائیں۔ چمچے سے ہلاتے جائیں۔ جب قوام جبوبی پر آجائے تو اتار کر سرد کرکے ایک ایک ماشہ کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک :- ایک ایک قرص صبح شام عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ سے کھالیا کریں۔

افعال و منافع :- نزلہ۔ زکام کے لئے نہایت مفید ہے۔ کھانسی حاشی کو دور کرتا ہے۔ مسکن دماغ بھی ہے۔

۱۸۲- قرص آملہ

"جوارش آملہ" کا بہترین بدل ہے۔

اجزاء و ترکیب :- پوست آملہ ۵ تولہ۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست ترنج۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ دانہ الائچی سبز ہر ایک ایک تولہ مصطگی رومی ۳ تولہ۔ سب دواؤں کو آب آملہ سبز میں اس قدر کھرل کریں کہ آدھ سیر پانی ان میں جذب ہو کر دوا قوام جبوبی پر آجائے۔ اب ایک ایک ماشہ کے قرص تیار کرلیں۔ اور اوپر ورق نقرہ چڑھا کر سایہ میں خشک کرلیں۔

مقدار خوراک :- ایک یا دو قرص بعد غذا عرق بادیان و عرق گاؤزبان ہر ایک ۷ تولہ سے کھالیا کریں۔

افعال و منافع :- مقوی قلب معدہ و جگر ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ تبخیر اور اختلاج میں بھی مفید ہے۔

۱۸۳- جالینوزی

"جوارش جالینوس" کا بدل ہے۔

اجزاء و ترکیب :- دانہ الائچی خورد۔ بالچھڑ۔ قرفۃ الطیب۔ دارچینی۔ قرنفل۔ خولنجان۔ زنجبیل عمدہ۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ مشتہران۔ قسط شیریں بحری اسارون۔ عود بلسان۔ تخم مولد۔ چرائتہ شیریں ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران ۳ تولہ مصطگی [illegible] ۲۰ تولہ۔ ورق طلا کلاں ایک ماشہ سب کو مثل غبار کرکے شہد میں ایک ایک ماشہ

کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک ایک قرص صبح شام بعد غذا بدرقہ مناسب سے کھائیں۔

افعال و منافع :۔ مقوی معدہ، امعاء و جگر ہے۔ محلل ریاح ہے۔ قبض کو رفع اور کھانے کو ہضم کرتی ہے۔ بواسیر بادی کے لئے بھی اچھی چیز ہے۔

۱۸۴۔ کمونی

"جوارش کمونی" کے قرص ہیں۔

اجزاء و ترکیب :۔ زیرہ سیاہ کشمیری مدبر ۵ تولہ۔ زنجبیل۔ برگ سداب۔ بورہ ارمنی ہر ایک ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ۔ سقمونیا۔ زعفران ہر ایک ۹ ماشہ سب کو باریک کر کے عرق بادیان میں گھوٹ کر ایک ایک ماشہ کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک ایک قرص بعد غذا تازہ پانی یا عرق بادیان سے کھائیے۔

افعال و منافع :۔ معدہ کی اکثر بیماریوں میں مفید ہے۔

۱۸۵۔ المسک

"دواء المسک" کا عمدہ بدل ہے۔

اجزاء و ترکیب :۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ مغز کشنیز۔ کہربا۔ غنچہ گل سرخ۔ مغز تخم کدو ہر ایک ۲۔ تولہ۔ گل گاؤزبان ایک تولہ۔ دارچینی۔ برگ بادرنجبویہ۔ عود ہندی۔ بہمن سرخ و سفید۔ درونج عقربی۔ مصطگی۔ الائچی خورد۔ پوست آملہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ مشک خالص۔ مروارید۔ عنبر ہر ایک ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۴ ماشہ۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ۔ سب کو روح کیوڑہ و گلاب میں کھرل کر کے چار چار رتی کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک سے دو قرص تک۔

افعال و منافع :۔ اعضائے رئیسہ و شریفہ کو طاقت دیتی ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ خفقان۔ ضعف قلب وغیرہ کو دور کرتی ہے۔

۱۸۶۔ کشنیزی

"اطریفل کشنیز" کا بدل ہے۔

اجزاء و ترکیب :۔ نمک تریپھلہ ۲۔ تولہ۔ مغز کشنیز خشک ۷۔ تولہ۔ دونوں کو مثل غبار کر کے شہد میں گوندھیں۔ اور چار چار رتی کے اقراص بنالیں۔ اوپر چاندی کے ورق چڑھائیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک ایک قرص صبح شام بالائی۔ مکھن یا دودھ کے ساتھ یا کسی دیگر مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

افعال و منافع :۔ مقوی دماغ۔ معدہ و جگر ہے۔ بصارت کو تیز اور قوی کرتی ہے۔ تبخیر کو دور کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتی ہے۔ اکثر اقسام اوجاع میں بھی مفید ہے۔

۱۸۷۔ قرص شاہترہ

"اطریفل شاہترہ" کے قائم مقام ہیں۔

اجزاء و ترکیب :۔ شاہترہ تازہ و سبز کو کوٹ کر پانی نکال لیں۔ اور چھان کر دھوپ میں خشک کریں۔ یہ خشک شدہ عصارہ ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ غنچہ گل سرخ۔ برگ سنا مکی ہر ایک ۱ تولہ۔ ریوند چینی۔ برگ نیم۔ تربد سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ سب کو خوب باریک کر کے شہد میں ملا کر ایک ایک ماشہ کے

قرص تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ ایک ایک قرص صبح۔ دوپہر۔ شام کو عرق عشبہ۔ عرق چرائتہ۔ عرق منڈی ہر ایک ۴ تولہ۔ شربت دینار ۲ تولہ سے کھالیا کریں۔
افعال و منافع :۔ مصفی و مقوی خون ہے۔ قبض کشا ہے۔ اور مقوی معدہ بھی ہے۔

۱۸۸۔ غُددی

"اطریفل غددی" کے بجائے اسے استعمال کیجئے!
اجزاء و ترکیب :۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۲ ڈرام۔ ایکسٹرکٹ بیلاڈونا ۲ ڈرام۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ انیسون۔ زرشباد۔ مرمکی۔ کندر۔ قرنفل۔ غاریقون۔ مصطگی رومی۔ بالچھڑ۔ جوزبوا۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ایک جگہ کریں۔ اور گلیسرین کی مدد سے آٹھ آٹھ گرین کے قرص بنالیں۔
مقدار خوراک :۔ ایک ایک قرص دن میں دو یا تین دفعہ عرق منڈی ۱۰ تولہ۔ شربت کاسنی ۲ تولہ سے کھلادیا کریں۔
افعال و منافع :۔ خنازیر کے لئے مخصوص چیز ہے۔ علاوہ ازیں ہر قسم کے بڑھے ہوئے غددوں کو تحلیل کر دیتی ہے۔
نسخہ شربت کاسنی :۔ آب برگ کاسنی مروق آدھ سیر۔ آب برگ عنب الثعلب مروق پاؤ سیر۔ دانہ کھانڈ ڈیڑھ سیر۔ روح گلاب ۱۰ تولہ سب کو ملا کر قوام کریں۔

۱۸۹۔ فولادی

"اطریفل فولادی" کی جگہ یہ دوا تیار کی گئی ہے۔
اجزاء و ترکیب :۔ فلفل دراز۔ زنجبیل۔ کشتہ خبث الحدید ہر ایک ۴ ماشہ۔

پوست بیلہ کابلی ۹ ماشہ۔ رب السوس۔ ستاور۔ پوست آملہ ہر ایک ۷ ماشہ فیریٹ کونین سائٹراس ۱۰ تولہ۔ کچلہ مدبر ۳ ماشہ سب کو باریک کر کے شہد میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔
مقدار خوراک :۔ دو دو گولیاں صبح شام دودھ۔ یا کسی دیگر بدرقہ سے کھالیا کریں۔
افعال و منافع :۔ مقوی و مولد خون و باہ ہے۔ جگر کو طاقت دیتی ہے۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ اور بواسیر خونی میں بھی بہت نفع بخش ہے۔

۱۹۰۔ قرص برش

"برشعشاء" کے قائم مقام ہیں۔
اجزاء و ترکیب :۔ فلفل سفید۔ فلفل سیاہ۔ بزرالبنج ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران۔ فرفیون۔ بالچھڑ۔ عاقرقرحا۔ برگ بھنگ ہر ایک ۷ ماشہ۔ افیون ۱ تولہ سب کو آب ادرک پاؤ سیر میں کھرل کر کے دو دو رتی کے قرص بنالیں۔
مقدار خوراک :۔ ایک صدد و قرص عرق گاؤزبان یا بکری کے دودھ سے کھالیا کریں۔
افعال و منافع :۔ فالج۔ رعشہ۔ جنون۔ مالیخولیا۔ بیخوابی۔ نزلہ۔ زکام اور دردہائے مختلفہ میں مفید ہیں۔ استرخاء میں بہت نفع دیتے ہیں۔

۱۹۱۔ لُولوی

"خمیرہ مروارید" کا عمدہ بدل ہے۔
اجزاء و ترکیب :۔ مروارید ناسفتہ ۷ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ زعفران۔

بہمنین - کہربائی - صندل سفید - طباشیر - سنگ یشب ہر ایک ایک تولہ یاقوت ۱ تولہ - تودری سرخ و سفید - سمندر سوکھ - تخم خرفہ مقشر، گل گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ - مشک خالص - عنبر اشہب ہر ایک ۴ ماشہ - عرق گلاب سہ آتشہ روح کیوڑہ - روح بید مشک ہر ایک پاؤ سیر - دواؤں کو عرقیات میں اس قدر کھرل کریں کہ تمام عرق جذب ہو جائے - اب چار چار رتی کے قرص بنالیں اور اوپر ورق طلا یا ورق نقرہ لگالیں -

مقدار خوراک :- ایک ایک قرص صبح شام ہمراہ بدرقہ مناسب -

افعال و منافع :- مقوی اعصاب رئیسہ و مفرح قلب ہے - تپ تور کی میں سود مند ہے - نہایت مفید چیز ہے -

۱۹۲ - سپستان

"لعوق سپستان" کی بجائے اسے استعمال کیجئے !

اجزاء و ترکیب :- لعاب سپستان پختہ و تازہ پاؤ سیر - شیرہ عناب ولایتی ۵۰ دانہ - رب السوس - خشخاش سفید - خشخاش سیاہ - مغز تخم خیارین مغز تخم کدوئے شیریں ہر ایک ۲ تولہ - مغز بہیدانہ - کتیرا عربی - صمغ عربی ہر ایک ۳ تولہ - مغز بادام شیریں مقشر ۲ تولہ - افیون ایک تولہ - سیکریں ۱۲ ماشہ شیر خشت اعلیٰ ۱۱ تولہ - سب کو گھوٹ کر تین سو قرص بنالیں -

مقدار خوراک :- ایک ایک قرص دن میں دو تین بار منہ میں رکھ کر چوسا کریں

افعال و منافع - نزلہ - زکام - کھانسی - دمہ - نمونیا - ذات الجنب وغیرہ میں مفید ہے - سل - دق کی کھانسی میں بھی نفع مند ہے -